اَلْوَجَعُ — زخم، درد ہونا	اَلتَّفَضُّلُ - پیش کرنا
اَلزِّيَارَةُ — ملاقات کرنا	اَلصِّيْنُ - چین کا ملک
مَرِيْضٌ - بیمار، روگی	اَلْبُنُّ — قہوہ، کافی

لِلرِّيَاضَةِ مَاشِيًا - برائے چہل قدمی	اَلْفِيرَانُ	چوہے
لِلرِّيَاضَةِ فِي عَجَلَةٍ - ہانکنے کے لئے	اَلْقِطَطُ	بلیاں
لِلرِّيَاضَةِ عَلَى مَطِيَّةٍ - چڑھنے کیلئے	تَارِيخُ	ہسٹری
لِلرِّيَاضَةِ فِي سَفِينَةٍ کشتی میں سوار ہونے کے لئے		کہانی
	دَرْسٌ -	سبق

عربی سے اردو ترجمہ پڑھیئے

(۱) تَأْكُلُ الْقِطَطُ الْفِيرَانَ -

بلیاں چوہوں کو کھاتی ہیں۔

(۲) أَتَذَكَّرُ تَارِيخَ حَيَاتِهِ جَيِّدًا

میں اس کی زندگی کی کہانی خوب بیان کرتا ہوں

(۳) أَسْتَذْكِرُ دُرُوسِي كُلَّ يَوْمٍ

میں اپنا سبق خوب یاد کرتا ہوں۔

(۴) يُذَكِّرُنِي هٰذَا الْمَنْظَرُ بِبِلَادِي -

میں یہ منظر اپنے شہروں میں یاد کرتا ہوں۔

(۵) تَهُزُّ الرِّيَاحُ الْأَشْجَارَ الْعَالِيَه

ہوا اونچے پیڑوں کو ہلا دیتی ہے۔

(۶) نُفَضِّلُ الشِّتَاءَ عَلَى الصَّيْفِ -

ہم سردیاں گرمیوں سے اچھی سمجھتے ہیں

(۷) اَلْوَلَدُ الْعَاقِلُ يَسُرُّ اَبَاهُ
عقلمند لڑکا اپنے باپ کو خوش کرتا ہے

(۸) يَنَامُ أَبِي كُلَّ لَيْلَةٍ بَعْدُ السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ
میرا باپ ہر رات ۱۰ بجے کے بعد سو جاتا ہے

(۹) يَقْطَعُ الْمَاسُ اَلزُّجَاجَ
ہیرا شیشے کو کاٹ دیتا ہے

(۱۰) وَيَأْتِي الشَّايُ مِنَ الصِّيْنِ
چائے چین سے آتی ہے۔

(۱۱) وَيَأْتِي الْبُنُّ الْجَيِّدُ مِنَ الْيَمَنِ
اور اچھا قہوہ یمن سے آتا ہے

(۱۲) يَخْرُجُ أَبِي لِلرِّيَاضَةِ مَاشِيًا كُلَّ يَوْمٍ
میرا باپ ہر روز چہل قدمی کے لیے نکلتا ہے

(۱۳) وَيَخْرُجُ عَلِي لِلرِّيَاضَةِ فِي عَجَلَةٍ
اور اندھا گاڑی میں سوار ہو کر نکلتا ہے۔

(۱۴) وَيَخْرُجُ اَخِي لِلرِّيَاضَةِ عَلَى مَطِيَّةٍ
اور میرا بھائی سوار ہو کر نکلتا ہے

(۱۵) وَاَخْرُجُ لِلتَّرَوُّضِ فِي سَفِيْنَةٍ قَبْلَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ
اور میں کشتی میں سوار ہونے کے لیے دن چھپنے سے پہلے نکلتا ہوں۔

ب:- اردو سے عربی بنائیے

(۱) یحییٰ بنک میں کام کرتا ہے۔
(۲) میں اس کو خوب جانتا ہوں۔ (اَعْلَمُ۔ جانتا ہوں)
(۳) میرا باپ سردیوں میں چائے پیتا ہے۔ (یشربُ الشا۔ چائے پینا)
(۴) بعض درخت ہم کو پھل دیتے ہیں۔
(۵) میں شام کا کھانا کھانے سے پہلے ہر رات اپنے خطوط لکھتا ہوں۔
(۶) سوداگر اپنا مال فروخت کرتا ہے۔
(۷) سورج مشرق سے طلوع ہوتا ہے اور مغرب میں ڈوبتا ہے۔
(۸) چڑیاں اپنے گھونسلے اونچے پیڑوں پر بناتی ہیں
(۹) میرا باپ مجھ کو ہر روز ایک قرش دیتا ہے۔
(۱۰) میں اپنے باپ سے بہت ہی محبت کرتا ہوں۔
(۱۱) وہ بچہ ہمیشہ چلاتا رہتا ہے۔
(۱۲) میری انگلیاں مجھ کو ستاتی ہیں۔
(۱۳) وہ ڈاکٹر ہر صبح اپنے مریضوں کو دیکھتا ہے۔
(۱۴) میرا بھائی ۸ بجے گھر آتا ہے۔

سبق (۱۴)

صیغہ ماضی مطلق اور تصریف فعل

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیے۔

(۱) میں نے اپنا سبق لکھا۔

(۲) میں نے اپنا سبق کل لکھا۔

(۳) تمام رات ہوا چلتی رہی۔

جب ہم یہ بتاتے ہیں کہ فلاں کام زمانہ سابق میں ہوا جیسے کل بارش بہت ہوئی تھی۔ ہندوستان نے ۱۵ راگست ۱۹۴۷ء کو آزادی حاصل کی۔ تو ایسے زمانہ کو ماضی مطلق کہا جاتا ہے۔ اسی طرح جب ہم کسی جاندار یا اشیار کا زمانہ گذشتہ ظاہر کرتے ہیں جیسے اس نے ہر روز چاے پی یا مدرسہ ہر روز ۸ بجے کھلتا تھا۔ تو ہم اس کو صیغہ ماضی مطلق کہیں گے۔

اب ذرا عربی افعال کی گردان کیجیے

كَتَبْتُ - میں نے لکھا	كَتَبْتُمَا - تم دو نے لکھا
كَتَبْنَا - ہم نے لکھا	كَتَبْتُمْ - تم سب نے لکھا
كَتَبْتَ - تو نے لکھا	كَتَبْتُنَّ تم سب عورتوں نے لکھا

كَتَبَ اس نے لکھا — كَتَبَتَا ان دو عورتوں نے لکھا

كَتَبَتْ اس عورت نے لکھا — كَتَبُوْا ان سب نے لکھا

كَتَبَا ان دو نے لکھا — كَتَبْنَ ان سب عورتوں نے لکھا

اس طرح میں نے اپنا سبق لکھا کا عربی ترجمہ ہوگا۔

كَتَبْتُ دَرْسِی ـ

كَتَبْتُ دَرْسِیْ اَمْسِ ـ کل میں نے اپنا سبق لکھا۔

عربی الفاظ اور معنی

اَلْهُبُوْبُ ـ ہوا کا چلنا	خَفِیْرٌ ـ گارڈ، پاسبان
اَلطَّیَرَانُ ـ اڑنا	حَارِسٌ ـ گارڈ، پاسبان
اَلْاِخْتِفَاءُ ـ غائب ہونا	جَرْحٌ ـ زخم، گھاؤ
اَلصِّیَاحُ ـ چلانا	مِیْلٌ ـ میل، سنگ فرلانگ
حَدِیْثًا ـ دوسرا دن	اَلْمَلْاءُ ـ بھرنا
اَلْوُقُوْعُ ـ گرنا	خَلٌّ ـ سرکہ
زَلْزَلَةٌ ـ بھونچال	مَسْجُوْنٌ ـ قیدی
اَلتَّخْرِیْبُ ـ برباد کرنا	اَلْاِتِّهَامُ ـ الزام لگانا
کُلٌّ سب، ہر ایک	سَرِقَةٌ ـ چوری
وِحْشٌ چوپایہ	فِنْجَانٌ ـ پیالہ
حَدِیْقَةُ الْحَیَوَانَاتِ جانوروں کا باغ	اَلرَّمْیُ ـ دور پھینکنا
اَلدَّقُّ بجنا، گونجنا	اَلْاِیْضَاحُ ـ معلوم کرنا

اَلْهَرْبُ بھاگنا - هَفْوَةٌ - غلطی

۱- عربی سے اردو پڑھیے

(۱) مَاتَ الخَفِيرُ أَمْسَ مِنْ جُرُوحِهٖ
کل پاسبان اپنے زخم سے مر گیا

(۲) اِشْتَرَيْتُ اَرْبَعَةَ جِيَادٍ مُنْذُ اُسْبُوعٍ
میں نے ایک ہفتے پہلے چار گھوڑے خریدے

(۳) مَشَيْتُ اَرْبَعَةَ أَمْيَالٍ
میں چار میل چلا

(۴) مَلَأْتُ الزُّجَاجَةَ خَلًّا
شیشی سرکہ سے بھر گئی

(۵) هَرَبَ اَحَدُ الْمَسْجُونِيْنَ مُنْذُ يَوْمَيْنِ
دو دن سے ایک قیدی بھاگ گیا

(۶) ذَهَبْنَا اِلٰى حَلْوَانَ فِي الْاُسْبُوْعِ الْمَاضِيْ
ہم گذشتہ ہفتے حلوائی کے پاس گئے

(۷) لَقَدْ اِتَّهَمْنَا الْخَادِمَ بِالسَّرِقَةِ
ہم نے نوکر پر چوری کا الزام لگایا۔

(۸) رَكِبْنَا الْحَمِيْرَ اَرْبَعَةَ سَاعَاتٍ
ہم نے چار گھنٹے گھوڑے پر سواری کی

(۹) تَاخَّرْنَا نِصْفَ سَاعَةٍ فِي الصَّبَاحِ -
ہم نے صبح آدھے گھنٹے دیر کی۔

(۱۰) قَابلت ابْنَ عمّك اوّل امس
میں نے کل چچا زاد بھائی سے ملاقات کی

(۱۱) كَسَرَ ابنك الفنجَانَ وَرَمَاهُ
تیرے لڑکے نے پیالا توڑ دیا اور اس کو پھینکدیا۔

(۱۲) لَقَدْ وَقَفْنَا عَلَى هفوتِكَ
ہم نے تمہاری غلطی پکڑی

(۱۳) لَقَدْ امطَرَت كَثِيرًا أَمْسِ
کل بہت بارش ہوئی

(۱۴) لَقِيْتُ جنيهًا فِي الطَّرِيقِ
میں نے راستے میں ایک گنی پائی

(۱۵) سَمِعْتُ هٰذَا الخَبَرَ مُنْذُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ
میں نے یہ خبر تین دن سے سنی تھی

ب :- اردو سے عربی بنایئے

(۱) کل پیڑ سے نیچے گر پڑے
(۲) تمام رات ہوا چلتی رہی
(۳) عقاب اڑتا رہا۔

(۴) چور غائب ہو گئے۔
(۵) سپاہی گھر چلے گئے۔
(۶) لڑکا اپنے گتے پر چلا آیا۔
(۷) میں نے دوسرے دن اپنے دوستوں سے ملاقات کی۔
(۸) میرا باپ دو دن پہلے قاہرہ میں تھا۔
(۹) تمہارا باپ کل یہاں اپنی چھڑی چھوڑ گیا۔
(۱۰) ہماری بلّی نے آج بڑا چوہا مارا۔
(۱۱) ان لوگوں نے ایک بڑا پیڑ گرا لیا۔
(۱۲) ہم نے میز کو ایک کپڑے سے ڈھک دیا۔
(۱۳) بھونچال سے سارا شہر برباد ہو گیا۔
(۱۴) میں نے لکھنؤ کے جانوروں کے باغ میں بہت سے جنگلی چوپایہ دیکھے۔

سبق (۱۵)

صیغہ مضارع المتعین للحال

(زمانہ حال استمراری)

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیئے

میں پڑھ رہا ہوں۔ میں لکھ رہا ہوں۔

وہ جا رہے ہیں۔

جب ہم یہ ظاہر کرتے ہیں کہ کام بات کرتے وقت بھی ہو رہا ہے تو ہم اس کو فعل حال جاری کہتے ہیں۔ جیسے، بچہ رو رہا ہے، وہ سو رہا ہے۔ اسی طرح جب ہم یہ ظاہر کرتے ہیں کہ کام ابھی جاری ہے تو اس کو بھی صیغہ مضارع برائے تعین زمانہ حال کہیں گے۔ جیسا کہ اوپر مثال دی گئی ہے۔

عربی میں اب کے لیے لفظ الآن استعمال ہوتا ہے۔ اور فعل کا لگاتار ہونا اسم فاعل ظاہر کرتا ہے۔ جیسے

يَقْرَأُ — پڑھتا ہے

قَارِئٌ — پڑھ رہا ہے۔ پڑھنے والا

أَقْرَأُ الآنَ — میں پڑھ رہا ہوں

اِنّی لاقراءُ — میں پڑھ رہا ہوں

عربی الفاظ اور معنی

اَلتضارُبُ - لڑنا	الاختباءُ - چھپانا
السّقوطُ - گھٹنا	الانتظارُ - انتظار کرنا
العومُ - تیرنا	الرَّحِیلُ - روانہ ہونا
سُوَال - سوال	اَلبکاءُ - رونا، دھونا
جُوعٌ - بھوک	الموتُ - مرنا
الرّعیّ - چرانا	التمزّقُ - چاک کرنا
مَرْعیً - چراگاہ	النبح عَلَی - بھونکنا
اَلتشاجُرُ - جھگڑنا	السّؤال عَنْ - پوچھنا
النّداءُ - پکارنا	الفعلۃ - کاریگر لوگ
اَلتّفکرفی - سوچنا	خَندَق - کھائی
ظِلٌّ سایہ	فِندِق - ہوٹل

ا۔عربی سے اردو پڑھیے

(۱) یطِیرُ العصفورُ فِی الغرُفۃِ الآنَ
چڑیاں گھونسلے میں اُڑ رہی ہیں

(۲) یَسأَلُ ابُوکَ عَنْکَ - تیرا باپ تجھ سے سوال کرتا ہی

(۳) النسوة راكبات سيارة - عورتیں موٹر کار میں سوار ہیں
(۴) أنا كاتبٌ درسَ - میں سبق لکھ رہا ہوں۔
(۵) أنا مُفكِّرٌ فِي ذٰلِكَ - میں اس کو سوچ رہا ہوں
(۶) الأولادُ جالِسُونَ فِي ظِلِّ الشجرةِ
لڑکے پیڑ کے سایہ میں بیٹھ رہے ہیں۔
(۷) الفلاحُ آتٍ مِنْ مَزرِعَتِهِ
کسان اپنے کھیت سے آرہا ہے
(۸) بَعضُ الأولادِ مختبِئُونَ خلفَ البابِ
چند لڑکے دروازہ کے پیچھے چھپ رہے ہیں
(۹) الخادمُ منتظِرُكَ بِالبابِ
نوکر تیرا دروازے پر انتظار کر رہا ہے
(۱۰) إنِّي راحِلٌ الآنَ إلى مِصْرَ
میں مصر کو جا رہا ہوں
(۱۱) أنَّ البنّاءَ لَيَبْنِي بَيتًا صغيرًا لَنا
معمار ہمارے لئے چھوٹا سا گھر بنا رہا ہے
(۱۲) ألمرأةُ تبكي الآنَ لِموتِ ابنِها
عورت اپنے لڑکے کی موت پر رو رہی ہے
(۱۳) إنَّ الولدَ ليمزقُ ثيابَهُ
لڑکا اپنے کپڑے پھاڑ رہا ہے۔

(۱۴) ينبحُ الكلبُ الآنَ علی الاولادِ
کتا لڑکوں پر بھونک رہا ہے
(۱۵) النّاسُ الّذینَ فی الغرفۃ یتکلمون (الآن)
آدمی جو کمرے میں ہیں بات چیت کر رہے ہیں
(۱۶) هٰذا التلمیذ ذاهبٌ الی المدرسةِ
یہ شاگرد اسکول کو جا رہا ہے
(۱۷) الفعلة یحفرونَ الآنَ خندقًا حولَ المنزلِ
مزدور (کاریگر) مکان کے گرد خندق کھود رہے ہیں

ب :- اردو سے عربی بنایئے۔
(۱) میں اپنا سبق پڑھ رہا ہوں۔
(۲) وہ فٹ بال (کرۃ القدم) کھیل رہا ہے۔
(۳) وہ باغ میں کھیل رہے ہیں
(۴) سپاہی اب تک کھڑے ہیں۔
(۵) بارش گر رہی ہے یا نازل ہو رہی ہے۔
(۶) بادبان (ملاحوں) سمندر میں تیر رہے ہیں۔
(۷) دو بلیاں باغ میں لڑ رہی ہیں۔
(۸) شاگرد اپنے استاد سے سوال پوچھ رہا ہے
(۹) لڑکا بھوک سے مر رہا ہے۔

(۱۰) گائے چراگاہ میں چر رہی ہیں۔
(۱۱) افسر گھوڑے کی پشت پر چڑھ رہا ہے۔
(۱۲) یہ بُرے لڑکے ایک بوڑھی عورت پر ہنس رہے ہیں
(۱۳) لڑکی اپنی ماں کا خط پڑھ رہی ہے۔
(۱۴) نوکر جھگڑ رہے ہیں
(۱۵) مزدور اپنا کھانا کھا رہے ہیں۔
(۱۶) تمہارا باپ بلا رہا ہے۔
(۱۷) نوکر کھانا پکا رہے ہیں۔

سبق (۱۶)

صیغہ ماضی استمراری

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیئے

میں کل شکار کھیل رہا تھا۔

میرا بھائی آدھ گھنٹہ پہلے اپنا سبق پڑھ رہا تھا۔

ایسے جملے جن میں ماضی ناتمام کا استعمال کیا جاتا ہے اور جن میں ہم یہ ظاہر کرتے ہیں کہ کام زمانہ سابق میں ہو رہا تھا۔ ان کو ماضی استمراری یا ماضی ناتمام کے صیغے کہتے ہیں۔ جیسے

كُنْتُ أَصْطَادُ أَمْسِ — میں کل شکار کھیل رہا تھا۔

ایسے ہی جب میں نے اس کو دیکھا وہ باجے پر گا رہی تھی۔

سپاہی چور کے پیچھے دوڑ رہے تھے۔

وہ ایک خط لکھ رہی تھی۔

عربی الفاظ اور معنی

اَلنُّمُوُّ	اُگنا	مُنْذُ سَاعَةٍ	ایک گھنٹہ پہلے
جُمْلَةٌ	کئی ایک	اَلشُّرْطَةُ	پولیس یا سپاہی

اَلْاِنْتِظَارُ	انتظار کرنا	حَطَبٌ	سوختہ لکڑی کا ایندھن
اَلصَّلَاۃُ	نماز پڑھنا	حِمْلٌ	لوڈ، وزن
مَسْجِدٌ	عبادت گاہ	اَلْاِتِّقَادُ	جلنا، جلانا
اَلرُّقُوْدُ	لیٹنا	اَلْخَلْعُ	اکھڑنا، اکھاڑنا
اَلنُّزُوْلُ	ڈالنا، اترنا	اَلرَّعْیُ	چرانا، دیکھ بھال
اَلسَّیْرُ	کوچ کرنا	اَلْھُجُوْمُ	حملہ کرنا
فِیْ	ذریعہ، میں	سُلَحْفَاۃٌ	کچھوا
طِفْلٌ	بچہ، شیرخوار بچہ	عَلٰی مَھْلٍ	آسانی سے
بِسُرْعَۃٍ زَائِدَۃٍ	بہت تیزی سے	اَلزَّحْفُ	رینگنا
اَلْاِقَامَۃُ	کھڑے ہونا	اَلتَّنَاوُلُ	لینا، کھانا
اَلْحَمْلُ	لے جانا	اَلضِّحْکُ مِنْ	کسی پر ہنسنا
مِقْدَارٌ	مقدار	طُوْلُ لَیْلَۃِ اَمْسِ	گذشتہ تمام رات

ا۔ عربی سے اردو پڑھیے

(۱) کَانَ الْجُنْدِیُّ یَضْرِبُ جَوَادَہٗ

سپاہی اپنے گھوڑے کو مار رہا تھا

(۲) کَانَ الْقِطَارُ یَسِیْرُ بِسُرْعَۃٍ زَائِدَۃٍ

ریل گاڑی بہت تیزی سے چل رہی تھی

(۳) کُنْتُ مُقِیْمًا فِیْ عَبْنِی فِی الرَّبِیْعِ الْمَاضِیْ

میں گذشتہ ربیع میں اندھے کے گھر میں مقیم تھا۔

(۴) كُنْتُ أَتَنَاوَلُ الْغِذَاءَ فِي ذَاكَ الْوَقْتِ

میں اس وقت کھانا کھا رہا تھا

(۵) كَانَ الْفَلَّاحُ حَامِلًا مِقْدَارًا مِنَ الْحَطَبِ،

کسان کچھ لکڑیاں اٹھا رہا تھا

(۶) كَانَ الْمَطَرُ يَسْقُطُ بارش ہو رہی تھی

(۷) كَانَتِ الْجِمَالُ حَامِلَةً أَحْمَالًا ثَقِيلَةً

اونٹ بہت بھاری بوجھ اٹھا رہا تھا

(۸) كَانَ الْمُعَلِّمُ يَتَكَلَّمُ بِصَوْتٍ خَافِتٍ

استاد نہایت دھیمی آواز سے بات کر رہا تھا

(۹) كَانَتِ الشَّمْعَةُ مُتَّقِدَةً طُولَ لَيْلَةِ أَمْسِ

گذشتہ ساری رات موم بتی جل رہی تھی

(۱۰) فِي ذَاكَ الْوَقْتِ كَانَ أَبِي يَخْلَعُ نَعْلَيْهِ

اسی وقت میں میرا باپ اپنے جوتے اتار رہا تھا۔

(۱۱) كَانَ الْجَيْشُ يُهَاجِمُ الْمَدِينَةَ

لشکر شہر کی طرف حملہ کر رہا تھا

(۱۲) كَانَتِ السُّلَحْفَاةُ تَزْحَفُ عَلَى مَهْلٍ

کچھوا آہستہ آہستہ رینگ رہا تھا۔

(۱۳) كَانَتِ السَّمَاءُ مُظْلِمَةً طُولَ النَّهَارِ أَمْسِ

کل سارا دن آسمان دھندلا رہا تھا

(۱۴) كَانَتِ الْأَوْلَادُ تَضْحَكُ مِنْ خَادِمٍ لَهُمْ
لڑکے اپنے نوکر پر ہنس رہے تھے

(۱۵) كَانَ الرَّاعِي يَرْعَى أَغْنَامَهُ
چرواہا اپنی بھیڑیں چرا رہا تھا۔

ب۔ اردو سے عربی بنایئے

(۱) گذشتہ سال باغ میں بہت سے پھول اُگ رہے تھے
(۲) یہاں ایک گھنٹہ پہلے کئی لڑکے کھیل رہے تھے
(۳) میں تمام دن کل ایک کتاب پڑھتا رہا تھا۔
(۴) سپاہی چور کے پیچھے دوڑ رہے تھے۔
(۵) میرا بھائی آدھا گھنٹہ پہلے اپنا سبق پڑھ رہا تھا۔
(۶) وہ تمام دن ہمارا انتظار کر رہے تھے
(۷) وہ آدمی زیادہ بدقسمت تھے
(۸) بہت سے لوگ مسجد میں نماز پڑھ رہے تھے۔
(۹) بچہ اپنی ماں کی گود میں لیٹا ہوا تھا۔
(۱۰) پیڑ دریا کے کنارے پر اگ رہے تھے
(۱۱) بچے جنگل میں ڈانوا ڈول پھر رہے تھے
(۱۲) سپاہی شہر میں چکر لگا رہے تھے
(۱۳) بچہ اپنی ماں کے لیے چلا رہا تھا۔

سبق (۱۷)

صیغہ حال التام

صیغہ ماضی تمام

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیئے۔

(۱) میں آچکا ہوں (۲) وہ گھر جاچکا ہے

(۳) اس نے انعام حاصل کر لیا ہے

(۴) بہت سے بادشاہوں نے ہندوستان پر حکومت کی

ان جملوں میں فاعل کا کام پورا ہوچکا ہے اور ایسے افعال ماضی تمام کہلاتے ہیں۔

بہرکیف جو فعل کسی کام کے خاتمہ کی طرف اشارہ کرتا ہے وہ صیغہ تمام کہا جاتا ہے۔ جیسے۔ میں گا چکا ہوں۔

عربی الفاظ اور معنی

صِدْقٌ - سچائی   السَّرِقَةُ - چوری کرنا

حَق سچائی   فِی کُلِّ مَکَانٍ - ہر جگہ

اَلْاِخْفَاءُ چھپانا   اَلبحث عَنْ - کسی کو دیکھنا

الإنجاز - پورا کرنا
سوق - بازار
الخدش - کھرچنا، کھجانا
ناظر مدرسۃ - ہیڈ ماسٹر
زجاجۃ - بوتل
طعام الافطار - ناشتہ
الرفس - ٹھوکر مارنا
طول النهار - تمام دن
" دن بھر

النجاح - کامیاب ہونا
المشاهدة - دیکھنا
امتحان - آزمائش، جانچ
نهائی - آخری
اخیر - آخری
الرسوب - ارنا، گرنا
الضرّ - چوٹ لگنا
بعض الناس - چند آدمی
الطرق - ٹھکر مارنا

عربی سے اردو پڑھیے

(۱) کسر الخادم الزجاجۃ - نوکر نے بوتل توڑ دی ہے
(۲) تناولت طعام الافطار - ناشتہ کر لیا ہے
(۳) رفست الکرۃ - گیند (میں) ٹھوکر ماری۔
(۴) سألنا اخاك عنك - ہم نے تمہارے بارے میں پوچھا
(۵) ذهب الخادم توا - نوکر جلدی چلا گیا
(۶) لعبت طول هذا النهار - میں اس دن دیر تک کھیلا
(۷) لقد قلت الحق میں نے سچ کہا
نجح التلمیذ فی الامتحان النهائی - شاگرد آخری امتحان میں پاس ہو گیا

(۹) رَسَبَ الْيَوْمَ تِلْمِيْذَانِ فِي الْاِمْتِحَانِ
آج دو شاگرد امتحان میں فیل ہو گئے۔

(۱۰) كُنْتُ الْآنَ فِي الْمَنْزِلِ مَعَ اَخِيْ
میں اپنے بھائی کے ساتھ مکان میں ہوں

(۱۱) اَضَرَّ الرَّجُلُ نَفْسَهُ كَثِيْرًا
آدمی نے خود ہی چوٹ کھائی ہے

(۱۲) اَخَذْتُ وَاحِدَةً مِنْ هٰذَا التُّفَّاحِ
میں نے ان سیبوں میں سے ایک لے لیا

(۱۳) تَكَلَّمْتُ مَعَ اَبِيْكَ الْيَوْمَ
آج میں نے اپنے باپ سے بات چیت کی۔

(۱۴) بَعْضُ النَّاسِ طَرَقُ الْبَابِ
چند آدمیوں نے دروازے پر ٹکر ماری۔

(۱۵) جَرَحَتْ اَصْبَعِيْ — میری انگلی زخمی ہو گئی

(۱۶) لَقَدْ وَجَدَتِ السَّيِّدَةُ نُقُوْدَهَا الْمَفْقُوْدَةَ
عورت نے اپنی کھوئی ہوئی رقم پالی ہے

(۱۷) شَهِدَ اَبُوْكَ الْمُشَاجَرَةَ — تمہارے باپ نے لڑائی دیکھی

(۱۸) مَزَّقَ ابْنُكَ الْيَوْمَ ثِيَابَهُ
آج تیرے لڑکے نے اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے۔

ب :- اردو سے عربی بنایئے

(۱) ہم نے اپنا شام کا کھانا کھالیا ہے
(۲) اس نے اپنی ٹانگ توڑلی ہے۔
(۳) میرا باپ مکان میں ہے۔
(۴) لڑکوں نے کہانی کہی۔
(۵) ناصر بادشاہ ہوگیا ہے۔
(۶) میری بیوی مسجد میں چلی گئی ہے۔
(۷) تم نے اپنی گھڑی چھپالی ہے۔
(۸) چور نے تمام ریشم چرالی ہے۔
(۹) ہم نے ہر جگہ گیند ڈھونڈلی ہے۔
(۱۰) میرے والد نے مکہ کی زیارت کی ہے۔
(۱۱) میں مصر گیا ہوں۔
(۱۲) آج ہیڈ ماسٹر نے عارف سے بات کی ہے
(۱۳) استاد نے میرے چچا کو دیکھا ہے۔
(۱۴) لڑکہ میرے لئے ایماندار ہے۔
(۱۵) آپ کا باپ باہر چلا گیا ہے۔
(۱۶) میں نے اپنا کام پورا کرلیا ہے۔
(۱۷) اس نے مجھ کو خبریں بتلائیں۔
(۱۸) ہم نے صبح ہی اس کو بازار میں دیکھا ہے۔

سبق ۱۸

مصادر اور فعلی اسماء

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیے۔

(۱) میں جانا چاہتا ہوں (۲) چہل قدمی کرنا تندرستی ہے
(۳) میں پانی پینا چاہتا ہوں (۴) وہ جانے کے لئے تیار ہے۔
(۵) اس نے مجھ سے ملاقات کی۔

ایسے افعال جن میں کرنا یا ہونا پایا جاتا ہے مصادر یا فعل مصدر کہلاتے ہیں۔ مصادر دو قسم کے ہوتے ہیں

(۱) مفرد یا اسم مصدر
(۲) مصدر اسم فاعل۔

اسم مصدر تو اسم اور فعل کا کام کرتا ہے یعنی اسم کی طرح وہ کسی فعل کا فاعل، مفعول، تمتہ وغیرہ ہوتا ہے اور فعل کی طرح فعل لازم ہونے پر اس کا تمتہ ہوتا ہے۔ جیسے

غلطی کرنا انسان ہے خوش ہونا عقلمندی ہے۔
غلطی ڈھونڈنا آسان ہے خدمت کرنا مشکل ہے

عربی مثالیں جیسے :-

اُرِیْدُ الذِّھَابَ - میں جانا چاہتا ہوں۔

یا اُرِیْدُ اَنْ اَذْھَبَ - میں چاہتا ہوں کہ جاؤں۔

اسم مصدر جیسے۔ المَشْیُ صَحِیٌّ - چلنا تندرستی ہے

بعض اوقات ل سے مصدر کا مطلب لیا جاتا ہے جیسے

اُرِیْدُ مَاءً لِلشُّرْبِ - میں پانی پینا چاہتا ہوں

ھُوَ مُسْتَعِدٌّ لِلذَّھَابِ - وہ جانے کے لئے تیار ہے

اَتیٰ لِیَزُوْرَنِیْ - وہ مجھ سے ملنے کے لئے آیا ہے

عربی الفاظ اور معنی

ضَرُوْرِیٌّ - ضروری

المُسَاعَدَۃُ - مدد کرنا

الضُّعَفَاءُ - کمزور

خَطَاءٌ - غلطی

الاِقْتِصَادُ - بچا (رقم)؛

زِیَادَۃٌ عَلَی اللَّازِمِ - بچی۔ البقایا

وَاجِبٌ - ڈیوٹی

یَعُوْلُ - سہارا دینا

النَّظْرُ اِلیٰ - کسی کو دیکھنا

العِصْیَان - نافرمانی کرنا

لِلاِیجار - کرایہ پر دینا

قَاتِلٌ - مارنے والا قتل کرنے والا

اَلْقَبْضُ عَلیٰ - پکڑنا

اَلْاَمْرُ - حکم دینا

اللُّبْس - پہننا

مفید ل - کے لئے مفید

قَادِرٌ عَلیٰ - لائق ہونا

فِی السِّبَاحَۃِ - تیرتے ہوئے

اِلْاِبْتِلَاعُ - نگلنا		اَلْاِدْرَاكُ - پکڑنا	
مَضْغٌ - چبانا		اَلشُّرْطِيُّ - سپاہی	
كَسْلَانٌ عَلَى - سست		صِحَّةٌ - تندرستی	

ا. عربی سے اردو پڑھیے

(۱) مِنَ الْخَطَاءِ أَنْ نَعْصِيَ وَالِدَيْنَا -
ہمیں اپنے والدین کی نافرمانی کرنا غلطی ہے

(۲) هَاكَ بَيْتًا لِلْاِيجَارِ - یہ مکان کرایہ کے لیے ہے

(۳) جَرَى الشُّرْطِيُّ خَلْفَ الْقَاتِلِ لِيَقْبِضَ عَلَيْهِ
سپاہی قاتل کو پکڑنے کے لئے اس کے پیچھے دوڑا

(۴) الْمَشْيُ مُفِيدٌ لِلصِّحَّةِ
پیدل قدمی کرنا تندرستی کے لیے مفید ہے

(۵) لَقَدْ اَمَرْتُ كَاتِبِيْ أَنْ يُعْطِيَكَ عَشَرَةَ جُنَيْهَاتٍ
میں نے اپنے کاتب کو دس گنی دینے کا حکم دیا ہے۔

(۶) اَلْمَلَابِسُ الْقُطْنِيَّةُ طَيِّبَةُ الْمَلْبَسِ فِي الصَّيْفِ -
گرمیوں میں روئی کے کپڑے بہترین لباس ہیں

(۷) رِيَاضُ مَاهِرٌ فِي السِّبَاحَةِ - ریاض تیرنے میں ماہر ہے۔

(۸) طِفْلُنَا قَادِرٌ عَلَى الْمَشْيِ الْآنَ -
اب ہمارے لڑکے چلنے پھرنے کے لائق ہیں۔

(۹) اَلسَّمَكَةُ تَبْتَلِعُ طَعَامَهَا بِدُوْنِ مَضْغَةٍ
مچھلی اپنا کھانا بغیر چبائے نگل جاتی ہے۔

(۱۰) تُرِيْدُ المرأة اَنْ تَبِيْعَ تعجَتَهَا لِلقصاب۔
عورت اپنے بھیڑ قصائی کو بیچنا چاہتی ہے

(۱۱) يطير الصقر خلف العصفور ليمسكهٗ
شکرا چڑیوں کو پکڑنے کے لئے ان کے پیچھے اڑتا ہے

(۱۲) اَتَيْتُ اليوم لكي اَزُوْرَ وَالِدَكَ۔
آج میں آیا تاکہ تیرے باپ سے ملاقات کروں

(۱۳) لدیَّ وَقْتٌ كَافٍ لِحِفْظِ دروسي۔
میرے پاس اپنا سبق یاد کرنے کے لئے وقت کافی ہے

(۱۴) اِنِّیْ كسلانٌ جِدًّا عَنِ المَشْيِ
میں چلنے پھرنے سے زیادہ سست ہوں۔

(۱۵) جَرَيْتُ بِسُرْعَةٍ زَائِدَةٍ لِادراكِ القِطَارِ
میں گاڑی پکڑنے کے لئے بہت تیزی سے دوڑا

ب ۱۔ اردو سے عربی بنایئے

(۱) تیرنا جسم کے لئے اچھا ہے

(۲) سونا تندرستی کے لئے ضروری ہے۔

(۳) غریب اور کمزوروں کو مدد دینا مہربانی ہے

(۴) دوسروں کو ایذا دینا قطعیٔ غلط ہے۔
(۵) رقم بچانا عقلمندی ہے۔
(۶) میں آپ کے باپ سے بولنا چاہتا ہوں
(۷) زیادہ دوڑنا بھی مضر ہوتا ہے
(۸) اس نے اپنی ماں کو مدد دینے کے لیۓ بہت سخت کام کیا
(۹) تازہ پانی پینا اچھا ہے۔
(۱۰) کامل ذکی کے ساتھ کام کرنا چاہتا ہے۔
(۱۱) میری بہن چلنے سے بھی معذور ہے۔
(۱۲) گاڑھی سیاہی سے لکھنا بھی مشکل ہے۔
(۱۳) میں صبح کو ایک چاۓ کی پیالی پینا پسند کرتا ہوں۔
(۱۴) میں اس کتاب کو دیکھنا چاہتا ہوں۔
(۱۵) بچّہ اندھیرے میں اکیلا سے خوفزدہ ہوتا ہے۔
(۱۶) میں گانا سننے کا شائق نہیں ہوں

سبق (۱۹)

صیغہ فعل مستقبل

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیے۔

(۱) میں کل وہاں ہوں گا (۲) تم ایک نیا لباس پہنو گے

(۳) وہ آج اپنے استاد کو دیکھے گا۔ یا ملاقات کرے گا۔

ایسے جملے جو آنے والے زمانے میں کسی ہونے والے کام کو ظاہر کرتے ہوں فعل مستقبل کے صیغہ کے جملے کہلاتے ہیں اور فعل مستقبل کی کئی اقسام ہوتی ہیں۔ جیسے

(۱) صیغہ مستقبل غیر حقیقی (۲) صیغہ مستقبل جاری

(۳) صیغہ مستقبل تمام (۴) صیغہ مستقبل حال جاری

لہٰذا عربی میں مستقبل کے لئے فعل سے پہلے "س" کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ جیسے۔

ساکونُ هناكَ غداً ۔ میں کل وہاں ہوں گا

سیکونُ لكَ حُلّةٌ جَدِیْدَةٌ

تم ایک نیا لباس پہنو گے یا تیرے پاس ایک نیا لباس ہوگا

سیریٰ معلمه الیومَ ۔ وہ آج اپنے استاد کو دیکھے گا

عربی الفاظ اور معنی!

مُتَاهِبٌ	مستعد، تیار	مئذنۃٌ	منار
سَاعَۃٌ	گھڑی، وقت	لحم بقری	گائے کا گوشت
شَاکِرٌ	شکرگذار	نِهَايَۃٌ	ختم پر
ممتنٌ	حریص، لالچی	رُبْعٌ	چوتھائی
القَابِلُ	اگلا	الوقوعُ	نیچے گرنا
القَادِمُ	اگلا	الضیاعُ	کھونا، ضائع ہونا
اکتوبر	اکتوبر	مَالٌ	پراپرٹی، جائداد
اِجازۃٌ	چھٹی	عَوَائِدُ	ٹیکس
الحصول علی	حاصل کرنا	ضرائبُ	ٹیکس
الیوم بعد الظہر	اس دوپہر بعد	یَوْمِیٌّ	روزانہ
السفر	چھٹی لینا	الوُصُولُ	پہونچنا
فی وَقْتٍ قَصِيرٍ	جلد ہی	أسبُوعَانِ	پندرہ روز
الارتفاع	اُٹھنا	اَجْرٌ	راتب
عِشَاءٌ	شام کا کھانا	〃	تنخواہ

ا۔ عربی سے اردو پڑھیے

(۱) سَيَكُونُ عِنْدَكَ غَدًا جُمْلَۃٌ زَائِرِيْنَ۔
کل تمہارے پاس سب ملاقاتی آئیں گے (ہوں گے)

(۲) سَيَكُونُ عِنْدَنَا خُبْزٌ وَلَحْمُ بَقَرٍ -
ہمارے پاس روٹی اور گائے کا گوشت آئے گا۔

(۳) سَيَكُونُ عِنْدَكُمْ تفاحٌ لِلْغِذَاءِ -
تمہارے پاس غذا کے لئے سیب ہوگا۔

(۴) سيكون لِهٰذا الجامع مئذنةٌ -
اس مسجد کے لئے مینار ہوگی

(۵) سَيَكُونُ لِهٰذِهِ الحَدِيْقَةِ اَسْوَارٌ عَالِيَةٌ
اس باغ کے لئے اونچی دیواریں (منڈ) ہوں گی

(۶) سَيَكُونُ عِنْدِي عَمَلٌ كَثِيْرٌ بَعْدَ يَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ
میرے پاس ایک یا دو دن کے بعد بڑا کام ہوگا

(۷) سَيَكُونُ عِنْدَهُمْ نُقُوْدٌ قَبْلَ نِهَايَةِ الشَّهْرِ
ان کے پاس مہینہ ختم ہونے سے پہلے رقم رہے گی

(۸) ساكونُ غَدًا قَادِرًا عَلٰى مُقَابلتك
میں تیرے مقابلہ پر زورآور ہوں گا

(۹) سياتِيْ ابِيْ هُنَا بعد ربع سَاعَةٍ
میرا باپ چار دن کے بعد یہاں آئے گا

(۱۰) سنصل هناكَ السَّاعَةَ العَاشِرَةَ
ہم وہاں دس بجے پہنچیں گے

(۱۱) سننقع هٰذِهِ المَنَازِلُ قريبًا -

(۱۱) ستفتح هذه المنازل قريبًا
یہ مکان جلد ہی بیچے گر جائے گا
(۱۲) سَوْفَ يُضِيعُ أَخُوكَ مَالَهُ
تیرا بھائی اس کے مال کو ضائع کر دے گا
(۱۳) سَيَدْفَعُ الزارعونَ العوائدَ في الشهرِ المقبلِ
اگلے مہینہ میں کسان ٹیکس ادا کریں گے۔
(۱۴) سادخر قرشا من اجری الیومی
میں آج اپنی مزدوری میں سے ایک قرش بچاؤں گا
(۱۵) سیترکن هذا المنزل بعد اسبوع
وہ اس مکان میں ایک ہفتہ بعد رہے گا۔
(۱۶) سَيَذْهَبَانِ الى الرّيف بعد اسبوعين
وہ دونوں ایک ۲ ہفتے بعد ریف کی طرف چلے جائیں گے

ب۔ اردو سے عربی بنائیے۔
(۱) وہ وہاں صبح ہی ہوں گے۔
(۲) ہم آدھ گھنٹے میں تیار ہو جائیں گے۔
(۳) وہ اگلے سال ایک سپاہی ہو جائے گا۔
(۴) فوج جلد ہی شہر پہونچ جائے گی
(۵) ہم آپ کے بہت شکر گذار ہوں گے۔

(۶) وہ ایک ماہ کے بعد افسر ہو جائے گا۔
(۷) وہ مستقبل میں بہت لالچی ہو جائیں گے۔
(۸) میں اپنا شام کا کھانا ۷ بجے کھاؤں گا
(۹) ہم اگلے اکتوبر ایک نیا اسکول کھولیں گے۔
(۱۰) اسکول کے لڑکے جلد ہی ایک چھٹی منائیں گے
(۱۱) یہ شاگرد اپنے استاد سے انعام حاصل کرے گا۔
(۱۲) میں اسکندریہ چلا جاؤں گا۔
(۱۳) جہاز امریکہ کو چلتا بنے گا۔
(۱۴) آسمان جلد ہی دھندلا ہو جائے گا۔
(۱۵) علی میری کتابیں دیکھنے آئے گا۔
(۱۶) وہ ہم سے آج دوپہر بعد ملاقات کریں گے
(۱۷) دریائے نیل جولائی کے مہینے میں چڑھے گا۔

سبق (۳۰)

افعال ناقصہ التصرف

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیے

(۱) میں اس کتاب کو اگلے ہفتے خریدوں گا

(۲) میں آج اسکول کو دیر سے جاؤں گا

(۳) میں آپ کا بہت ممنون ہونگا اگر آپ مجھ سے کل ملیں گے

اوپر کے جملوں میں خریدوں گا، جاؤں گا، ملیں گے، وغیرہ امدادی افعال ہیں جو فعل کے ساتھ مل کر اس کو صیغہ مستقبل بنا رہے ہیں۔

عربی میں ایسے جملوں کے لئے چند افعال ناقصہ مقرر ہیں جن کو کہ صیغہ میں شمار نہیں کیا جاتا اور ان کو افعال غیر قیاسی بھی کہتے ہیں جیسے

یمکننی اَن اجریَ ۔

ممکن ہے میں دوڑ سکوں یا میں دوڑ سکتا ہوں۔

امکنی اَن اجریَ   انّی قادِر علی الجری

ممکن ہے کہ میں دوڑ سکتا ہوں یا میں دوڑنے کے قابل ہوں

یحتمل ان یاتی علی الیوم ۔ علی آج آ سکتا ہے

لا باس من ان تذھبَ ۔ تم جا سکتے ہو (تو جا سکتا ہے)

یلزمہ ان یاتیَ	-	اس کو آنا چاہیے۔
یجب علینا اَن نشتغل		ہم کو کام کرنا چاہیے۔
ینبغی اَنْ تذھبَ		تم کو جانا چاہیے۔

لہٰذا مذکورہ بالا افعال ناقصہ مثلاً

مکن یمکن	-	ممکن ہونا
احتمل یحتمل	-	امکان ہونا
لاباَس لایبالس	-	کوئی ڈر نہیں ہونا
لزم یلزم	-	لازم ہونا
جاب یجبُ	-	واجب ہونا
انبغٰی ینبغی	-	ضروری ہونا
قدر یقدرُ	-	قادر ہونا

لہٰذا افعال غیر قیاسی کی گردان بے قاعدہ ہوتی ہے۔ جیسے

کان یکون	-	ہونا (وجود ظاہر کرتا ہے)
کوت	-	میں ہوں
یکونین	-	وہ ہیں
کان		وہ تھا
استطع		کرسکنا (یہ قوت ظاہر کرتا ہے)

عربی الفاظ اور معنی

عَادِل (معُ) کسی کے ساتھ انصاف کرنیوالا

وَعْدٌ	وعدہ	الأسفُ	غم ہونا
القفزُ	چھلانگ مارنا	مَرَضٌ	بیماری
قدمٌ	پاؤں	طول النّہار	تمام دن تک
مبكرًا	پہلے پہل	الأدراك	سوچنا
الرّحيل	گزرنا	التّسلق	چڑھنا
حالًا	فوراً	محطةٌ	اسٹیشن
فى الحال	ابھی ابھی	الاعتقادُ	یقین کرنا
الانسان	کوئی آدمی	كشفُ حسابٍ	بل
قمرٌ	چاند	قهوةٌ	کافی۔ قہوہ

۱۔ عربی سے اردو پڑھیئے۔

(۱) يجب أن يأسف لمرض معلمه
اس کو اپنے استاد کی بیماری کا رنج کرنا چاہیئے

(۲) ينبغى أن افهم الدرس قبل حفظه
یاد کرنے سے پہلے سبق یاد کرلینا چاہیئے

(۳) يمكنكم أن تشتغلوا طول النّہار
ممکن ہے کہ تم تمام دن کام کرو۔

(۴) امكنى ان ادرك الولد
لڑکے کو سمجھانا چاہیئے

(۵) قدرت أن إتسلق النخلة
تو پیڑ پر چڑھ سکتا ہے
(۶) یحتمل ان أکون مخطئًا
ممکن ہے میں گنہگار ہوں۔ میں گنہگار ہو سکتا ہوں
(۷) لا بأس ان تنتظر ھا ھنا
وہاں انتظار رکھنے میں ڈر نہیں ہے
(۸) قد تجدہ فی المنزل بعد الظہر
دوپہر بعد گھر میں اس کو ڈھونڈ لیا تھا۔
(۹) یجب علیھن ان یسافرن الیوم
آج ان کو سفر کرنا چاہیے۔
(۱۰) یحتمل أن اراکن غدًا فی المحطة
ہو سکتا ہے کہ میں کل اسٹیشن پر ٹھہر جاؤں گا
(۱۱) ینبغی أن ترسل لابیك خطابًا
تم کو اپنے باپ کے لیے خط بھیجنا چاہیے۔
(۱۲) یجب أن تعتقد ذلك
تم کو اس پر ایمان لانا چاہیے
(۱۳) استطیع أن اجد لك خادمًا امینًا
تم کو ایک ایماندار نوکر پانا چاہیے
(۱۴) سیرسل لنا الخباز کشف حسابنا غدًا

کل غالباً وہ ہمارے پاس ہمارا بل بھیجے گا

(۱۵) ينبغي أن تذهبا الى المدرسة مبكرين

تم کو صبح ہی مدرسے جانا چاہیئے

(۱۶) لا بأس ان تشرب فنجان قهوة

تم کو قہوہ کا پیالہ پینا چاہیئے۔

ب۔ اردو سے عربی بنایئے!

(۱) ہم کو اپنے دشمنوں کے ساتھ انصاف کرنا چاہیئے
(۲) تم کو اپنا وعدہ پورا کرنا چاہیئے (۳) آپ ہماری مدد کر سکتے ہیں
(۴) انور ہ فٹ تک چھلانگ لگا سکتا ہے۔
(۵) تم کو گھر سے آواز سننی چاہیئے۔
(۶) شاید وہ بہت دیر سے پہونچیں۔
(۷) شاید تم اپنا بھائی باغ میں پا سکو۔
(۸) وہ ۵ بجے کام روک سکتے ہیں
(۹) وہ کمرے کو چھوڑ سکتا ہے۔
(۱۰) مجھے اپنے باپ کو ایک خط لکھنا چاہیئے۔
(۱۱) تم کو آئندہ اوّل وقت آنا چاہیئے۔
(۱۲) تم کو سچ بولنا چاہیئے (۱۳) اس کو فوراً چلے جانا چاہیئے
(۱۴) لڑکے کھیلنے جا سکتے ہیں (۱۵) وہ جلد ہی لوٹ جائیں گے
(۱۶) ہر کوئی صاف رات میں چاند اور ستارے آسمان میں دیکھ سکتا ہے

سبق (۳۱)

صیغہ فعلِ امر

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیے

(۱) اندر آؤ (۲) دروازہ کھولو

(۳) کھڑکیاں بند کر دو۔

ان جملوں میں حکم دیا گیا ہے۔

(۴) بہادر ہو جاؤ (۵) اپنی تندرستی بڑھاؤ

(۶) اوّل پاس ہونے کی کوشش کرو۔

ان جملوں میں ہدایت دی گئی ہے۔

(۷) ہم پر رحم کرو۔ (۸) ہمیں معاف کرو۔

(۹) خدا میرے لڑکے کی عمر دراز کرے۔

ان جملوں میں استدعا یا دعا ظاہر کی گئی ہے۔

ایسے تمام جملوں کو فعل امر میں شمار کرتے ہیں۔ جیسے

اُكْتُبْ - تو لکھ - اکتبوا - تم لکھو

عربی الفاظ اور معنی

الرفع - اٹھانا، اٹھنا - النقل - حرکت کرنا

انفسکم - تم خود ہی	القَطعُ - کاٹنا
النفض - ہلانا	العقدُ جیدًا - مضبوط باندھنا
بِسَاطٌ - سجّادہ، بچھونا	الذکر - یاد رکھنا
قصیدَۃٌ - شعر ونظم	عقدَۃٌ - گرہ، گانٹھ
تلمیذ - اسکول، شاگرد	مَبدأٌ - شروع۔ آغاز
البقاء - رہنا، باقی رہنا	غرقٌ - ڈوبنا
استدعاء - پکارنا، بلانا	الرّکوبُ - چڑھنا، سوار ہونا
الامساك ب - کسی کو پکڑ لینا	رفیق ب - بامروّت ہونا
الاخراج - نکلنا	الحِلّ - کھولنا
الحكاية - کہنا، بیان کرنا	الفكّ کھولنا
من فضلك - از راہ کرم	الرّفع اٹھانا

أ۔ عربی سے اردو پڑھیے

(۱) قل الحقّ - سچ کہہ

(۲) هات الكتابَ معكَ - اپنے ساتھ کتاب لاؤ

(۳) انظر الی یمینك - اپنے داہنے طرف دیکھ

(۴) اقطع هذا الغصنَ - اس شاخ کو کاٹ دے

(۵) اعقد الحبل جیّدًا - رسّی کو مضبوط باندھو

(۶) احلل العقدۃ - گانٹھ کھول دے۔

(۷) ارکب هذا الجواد یا صاحبی

اے دوست اس گھوڑے پر چڑھو

(۸) ارکب عجلتی — میری گاڑی میں بیٹھ جاؤ

(۹) احکوا علیٰ حکایتکم من المبداء الی النّھایة

شروع سے آخر تک اپنی کہانی بیان کرو۔

(۱۰) دعوھما یذھبان وحدھما

ان دونوں جاتے ہوئے آدمیوں کو بلاؤ۔

(۱۱) خلصوا ھذا الرّجل من الغرق

اس آدمی کو ڈوبنے سے بچاؤ

(۱۲) اعدوا بسرعة — زور سے بلاؤ (سب)

(۱۳) عد سریعًا — جلدی بلاؤ

(۱۴) تعلّما کیف تطیعان — پڑھو کیسے تم اطاعت کرتے ہو

(۱۵) کن رفیقًا بالفقراء والضّعفاء

فقیروں اور کمزوروں پر مہربان ہو

(۱۶) اخرج یدك من جیبك

(۱۷) اپنی جیب سے اپنا ہاتھ نکال!

(۱۸) اخلع حذاءیك

اپنی جوتی اتار دے

(۱۹) خذ الذّرة الی الطاحونة واطحنھا جیّدًا

(۱۹) اذکرنی عند ابیک ۔ اپنے باپ سے میرا ذکر کر

(۲۰) ساعدنی فی رفع هذا الصندوق من فضلك

ازراہ کرم مجھے اس صندوق کو اٹھانے میں مدد دیجئے

ب ا:۔ اردو سے عربی بنایئے

(۱) فہمی یہاں آؤ۔

(۲) یہاں سے اس میز کو منتقل کرنے کے لئے آیئے اور مجھے مدد دیجئے

(۳) ذرا اپنی آواز کو اونچی کیجئے (رفع الصوت (آواز اونچی کرنا)

(۴) اپنے مقام پر رہیئے (۵) لڑکو ـــ دوڑو

(۶) شریف زیادہ ہوشیار رہو

(۷) اپنے ہمسایہ کے گھر میں بچہ کو تلاش کیجئے۔

(۸) خوب ہی غور کیجئے۔ (۹) غالیچہ کو خوب جھاڑیئے (۱۰) مریم! اوپر کھڑکی کھولو

(۱۱) اپنا کام جلد از جلد پورا کرلو (۱۲) اس نظم کو پھر پڑھیئے

(۱۳) اچھا طالب علم بننے کی کوشش کرو۔

(۱۴) کئے جاؤ کوشش میرے دوستو!

(۱۵) اپنے بھائی کے داہنے طرف کھڑے ہو جاؤ

(۱۶) یہ گلاب کو توڑ دو اور اس کو اپنی ماں کو دے دو۔

(۱۷) میرا علاج کرانے کے لئے ہوشیار طبیب کو بلاؤ

(۱۸) میری نصیحت قبول کرو۔ (۱۹) مجھے معاف کرو۔

(۲۰) دریا میں اس تیرتے ہوئے آدمی کو دیکھو۔

سبق (۲۲)

صیغہ مبنی مجہول

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیے

(۱) لڑکے سے قلم ٹوٹ گیا تھا (فعل مجہول)

(۲) لڑکے نے قلم توڑ دیا۔ (فعل معروف)

دراصل یہ جملہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ فاعل کام کرتا ہے یا اس پر کام کیا جاتا ہے۔

صیغہ فعل معروف تو اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ فعل کا فاعل کام کرتا ہے۔ جیسے :-

اس نے گلاب کا پھول توڑ دیا۔

اور صیغہ فعل مجہول اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ فعل کے فاعل پر کام کیا گیا ہے۔ جیسے

اس کی طرف سے گلاب کا پھول توڑ دیا گیا۔

لہٰذا جب فاعل (مبتدا) پر زور دیا جاتا ہے تو فعل معروف استعمال میں لایا جاتا ہے اور جب مفعول پر زور دیا جاتا ہے تو فعل مجہول استعمال کیا جاتا ہے۔ اس لیے عربی میں ماضی، مضارع اور

مستقبل کے صیغوں کے لئے نفعلُ، یفعلُ، وغیرہ میزان استعمال کیجاتی ہیں۔ جیسے کسر القلم۔ قلم ٹوٹ گیا۔

عربی الفاظ اور معنی

الرّشح - ٹپکنا، رسنا
زَوْجٌ - جوڑا
اثنان - جوڑا
مجنونٌ - پاگل
واقعۃٌ حربیۃٌ - جنگی حملہ
مراکش - مراکو
جواھرٌ - زیورات
اسیرٌ - قیدی
الذوبان - پگھلنا
الافراج عن - آزاد ہونا
العبورُ - پار کرنا
الھدامُ - نیچے کو ڈھکیلنا، گرانا

الاقذارُ - فضلہ، تھوک وغیرہ
سدٌّ - ڈیم، بند
حاجزٌ - بند باندھ، ڈیم
البصق - تھوک، تھوکنا
ممنوعٌ - منع کیا ہوا
آنیۃٌ - برتن
نحاسٌ - تانبا
ظھرٌ - دوپہر
مدفعٌ - گن، بندوق
مسلوقٌ - ابلا ہوا
النقع - بھگونا
الشنق - پھانسی دینا

عربی سے اردو پڑھیے

(۱) ترمیُ الاقذارُ خارج المدینۃِ
فضلہ شہر سے باہر پھینکا جاتا ہے۔

(۲) بُنِيَ سدٌّ عَظِيمٌ عند اسوان وبنى آخر عند اسنا
بڑا بند اسوان کے قریب بنایا گیا اور دوسرا سینا ر پہاڑ کے پاس بنایا گیا

(۳) تؤکل الفاکهة النّاضجة
پکا ہوا پھل کھایا جاتا ہے۔

(۴) البصق ممنوعٌ فی المدرسةِ
اسکول میں تھوکنا منع ہے۔

(۵) هٰذِهِ الکتبُ مُمَزّقَةٌ
یہ کتابیں بوسیدہ (پھٹی ہوئی) ہیں

(۶) تُستَعمَلُ آنیة النحاسُ للطبخ
تانبے کا برتن پکانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے

(۷) یُذاب الذهب لسہولۃٍ
سونا آسانی سے پگھل جاتا ہے۔

(۸) سمع مدفع الظہر منذ نصف ساعةٍ
دوپہر کے آدھا گھنٹے سے بندوق سنی گئی

(۹) سمع فی اللّیل صیاحٌ شدیدٌ
رات میں بڑی تیز آواز سنی گئی

(۱۰) زرع الفلاح الاشجار فی الحدیقۃِ
باغ میں کسان نے پیڑوں کو اُگایا تھا

(۱۱) كان البَيضُ مَسلُوقًا - انڈا اُبلا ہوا تھا
(۱۲) نقع الثوب في الماء - پانی میں کپڑے بھگو دیے گئے
(۱۳) يجب أن يشنق القاتل - قاتل کو پھانسی دینی چاہیے
(۱۴) يمكن عبورُ النهر بسهولة
آسانی سے نہر کو پار کرنا ممکن ہے۔
(۱۵) لا باس من بيع البضاعةِ غدًا
کل سامان بیچنا چاہیے۔
(۱۶) قد يهدم هذا البناءُ في يومين
یہ عمارت دو دن میں ڈھا دی گئی ہے
(۱۷) يلزم ان يباع هذا القصرُ
یہ قصر (محل) بیچنا چاہیے۔

ب :- اردو سے عربی بنائیے۔
(۱) کپڑے درزی سے سیے جاتے ہیں۔
(۲) تمام مدرسوں میں پانی فلٹر کیا جاتا ہے۔
(۳) برف گرمائی سے پگھل جاتی ہے۔
(۴) روئی مصر سے آتی ہے۔
(۵) گھوڑا گاڑی دو گھوڑوں سے بھی چلتی ہے۔
(۶) ایک عورت کو پاگل کتے نے کاٹ کھایا تھا۔

(۷) مراکش میں جنگی حملہ ہو رہا ہے۔
(۸) جواہرات میدان میں چھپا دیئے گئے ہیں۔
(۹) کھویا ہوا بچہ پا گیا ہے
(۱۰) پلیٹیں ٹکڑے ٹکڑے ہو گئیں۔
(۱۱) غریبوں کو مالداروں نے مدد دی
(۱۲) جواب دینا چاہیئے۔
(۱۳) تمام کہانی بلا خوف کہی جا سکتی ہے۔
(۱۴) قیدی آزاد ہونے چاہییں۔
(۱۵) آدمی کو پھانسی دی جائے گی۔
(۱۶) کل کے بعد آج آئے گا۔
(۱۷) زمین ایک ہزار روپے میں خریدی گئی۔
(۱۸) شہر تباہ ہو گیا تھا۔

٭٭٭٭٭٭

لا - نہیں   کلّا - قطعاً نہیں

ابداً - کبھی نہیں۔ ہمیشہ

عربی الفاظ اور معنی

ابلہٌ - نادان	اذنٌ - اجازت
بلیدٌ - بھولا	ما - کوئی
اللبان - دودھ والا	اِی - کوئی
شریف - نیک آدمی	لارتداءٌ - رکھنے کے لئے
التانیب - الزام لگانا	التمتع ب - خوش ہونا
الاہمال - بھولنا	قشرٌ - چھلکے
قطعۃٌ - ٹکڑا	محتاجٌ الی - ضرورت مند
وقت فراغٌ - فالتو وقت	باخرۃٌ - اسٹیمر، دخانی
مفتاحٌ - کنجی	" - کشتی
الکسبُ - جیتنا	دافیٌ - گرم
سباقٌ - ریس	محقٌ - سچ

۱. عربی سے اردو پڑھیے

(۱) لست غنیًا - وہ مالدار نہیں ہے

(۲) لست محقٌ - وہ سچا نہیں ہے

(۳) ليس له عذرٌ - اس کو کوئی عذر نہیں ہے۔

(۴) ليس عندهم ورق ما للكتابة

- ان کے پاس لکھنے کے لئے کوئی کاغذ نہیں ہے

(۵) لم يكن الكلام ممنوعًا

بات کرنا منع نہیں کیا جا سکتا

(۶) لم يكن الماء دافئًا

پانی گرم نہیں ہوتا

(۷) ما كان الهواء حارًا

ہوا گرم نہیں ہوتی۔

(۸) لن تبقوا في هذا المنزل بعد موت ابيكم

وہ اس مکان میں تمہارے باپ کی موت کے بعد نہیں رہ سکتے

(۹) لن تراهنّ في القاهرة غدًا

(۱۰) يجب ألا تسافر بدون إذني

میری اجازت کے بغیر تم کو سفر نہ کرنا چاہیئے

(۱۱) يحتمل ان تجد البستاني في الحديقة

باغ میں مالی تلاش کرنا چاہیئے

(۱۲) لمّا يصل قطار الاسكندرية

اسکندریہ کی گاڑی نہیں ملے گی۔

(۱۳) لن انسى وعدي — میں اپنا وعدہ نہیں بھولا

(۱۴) لما يَرتَه ملابسه الجديدة

اس نے اپنے نئے کپڑے نہیں رکھے

(۱۵) ماكنت محتاجاً لنقود امس

میں کل رقم کے لئے محتاج تھا

(۱۶) لست متمتعاً بصحّةٍ جيّدة

میں اچھی صحت سے لطف اندوز نہیں ہوں

(۱۷) لا يمكن الباخرة أن تبحر اليوم

آج کشتی چلانا ممکن نہیں ہے

(۱۸) لا يمكننا أن نسلق البيض بدون قشر

انڈے کو بغیر چھلکے ابالنا ممکن ہوتا ہے

ب۔ اردو سے عربی بنایئے۔

(۱) میں نادان نہیں ہوں

(۲) ہم سچ بولنے سے خائف نہیں ہیں

(۳) تم ایک دوست نہیں رکھتے

(۴) دودھ والا کچھ دودھ نہیں رکھتا ہے۔

(۵) میرا باپ مجھ سے ناراض نہیں ہے۔

(۶) میں نے تم کو ایک روپیہ نہیں دیا ہے۔

(۷) یہ لوگ شریف نہیں ہیں۔

(۸) ہم فالتو وقت نہیں رکھتے ہیں۔

(۹) غریب عورت روتی نہیں رکھتی۔

(۱۰) تم کو مجھے الزام نہ دینا چاہیے۔

(۱۱) ہمارے کل نہیں پہونچے گی

(۱۲) لڑکوں کو اپنا کام نہیں بھولنا چاہیے

(۱۳) میں نے تمام دن روٹی کا ایک ٹکڑا بھی نہیں کھایا۔

(۱۴) میں نے چابی نہیں بھولی ہے۔

(۱۵) وہ ریس جیتنے کی کوشش نہیں کر رہا ہے۔

سبق (۴۲)

فعل کے مثبت منفی اور نہی کا استعمال

ذرا ان افعال کی گردان تو پڑھیئے۔

(۱) وہ لکھتا ہے (۲) وہ نہیں لکھتا ہے

(۳) اس نے لکھا (۴) اس نے نہیں لکھا ہے۔

(۵) لکھو (تم) (۶) نہیں لکھو۔

یہ جملے فعل مضارع کے مثبت اور منفی ہیں اور فعل ماضی اور امر کے جملے بھی منفی و مثبت بنلائے گئے ہیں۔ عربی میں ان کو خاص اوزان سے تولا جاتا ہے جیسے:۔

یکتب — وہ لکھتا ہے

لا یکتب — وہ نہیں لکھتا

کَتَبَ — اس نے لکھا

ما کَتَبَ — اس نے نہیں لکھا

اُکتُبْ — لکھ

لا تکتب — (تو) نہ لکھ

عربی الفاظ اور معنی

الفرنسیةُ	فرانس کی زبان	البقاءُ	باقی رہنا
غلطةٌ	غلطی	حَدَّادٌ	لوہار
الامتناع	انکار کرنا	قمطرٌ	ڈبیہ
الشکوی	شکایت کرنا	الوضع	پکڑنا، رکھنا
القلبُ	الٹا پلٹ ہونا	دار الکتب	لائبریری
الصِّباح	کڑکڑانا، چلانا	ثلجٌ	سینو
الوجعُ	درد، دکھ	الاصلاحُ	سدھار
قفصٌ	پنجرہ، اچھے دان	الانکار	انکار کرنا
العدُّ	شمار کرنا	الحزم	باندھنا
متاعٌ	سفر کا اسباب	التنشیر	سونگھنا

ا۔ عربی سے اردو پڑھئے

(۱) مَا فهمت کلمة واحدة من المدرس

میں سبق سے کوئی لفظ بھی نہیں سمجھا

(۲) لا یرغب الخادم فی البقاء منزلک

نوکر تمہارے مکان میں رہنے سے رغبت نہیں رکھتا

(۳) مَا صَنعَ الحدّادُ المفتاح

لوہار نے چابی نہیں بنائی

(۴) ما اصلح النجار الكراسی۔
بڑھئی نے کرسی کی مرمت نہیں کی

(۵) لاتسألنی عن شیءٍ ما
مجھ سے کچھ نہ پوچھ

(۶) الولد العاقل لایعصی والدیہ
عقلمند لڑکا اپنے باپ کی نافرمانی نہیں کرتا ہے

(۷) لا یَسَعُ القمطر کل الکتب
سب کتابیں ڈیسک پر نہیں رکھی جائیں

(۸) ما سمعتُ ھذا الخبر البارحۃ
یہ خبر میں نے نہیں سنی

(۹) ما رأیتکَ فی دار الکتب العربیۃ امس
کل میں نے تم کو عربی لائبریری میں نہیں دیکھا

(۱۰) ما زارنی ابوکَ فی الاسبوع الماضی
گذشتہ ہفتے میں نے تمہارے باپ سے ملاقات نہیں کی

(۱۱) لا یَسقُطُ الثلج فِی مِصر
مصر میں برف نہیں پڑتا ہے۔

(۱۲) لاتھب ریاح فی ھذا الشھر
اس مہینے میں ہوا نہیں چلتی ہے۔

(۱۳) لاتنکر ذلک اس سے انکار نہ کر

(۱۴) ماذهبنا الى المدرسة مدة شهر

ہم ایک مہینے سے مدرسے نہیں گئے

(۱۵) ماحزمت متاعی جیّداً

میں نے اپنا سامان خوب نہیں باندھا۔

(۱۶) لا تشمی هذه الزّهرة

اس پھول کو نہ سونگھ

(۱۷) لا تکلّموا اثناء الدرس ایّها الاولاد

اے لڑکو! سبق کے دوران میں بات نہ کرو۔

ب۔ اردو سے عربی بنایئے۔

(۱) میں فرانسیسی خوب نہیں بولتا ہوں۔

(۲) ہم قاہرہ چھوڑنا پسند نہیں کرتے۔

(۳) وہ تیزی کے ساتھ نہیں دوڑتے ہیں۔

(۴) میں اپنے باپ کو لکھنا پسند نہیں کرتا ہوں۔

(۵) اس نے کئی غلطیاں نہیں کیں

(۶) میرے لڑکے نے کھڑکی نہیں توڑی۔

(۷) اس نے مجھ کو جواب دینے سے انکار نہیں کیا۔

(۸) تسلیم خوب نہیں لکھتا ہے

(۹) بچہ نہیں چلایا

(۱۰) استاد نے مجھ سے شکایت نہیں کی
(۱۱) میں مینڈکوں کو پکڑنا پسند نہیں کرتا ہوں۔
(۱۲) میرے نوکر نے جگ کو نہیں خراب کیا۔
(۱۳) لڑکی درد سے نہیں چلائی۔
(۱۴) میں پنجرے میں چوہا نہیں پاتا ہوں۔
(۱۵) اس چھوٹی چڑیا کو نہیں مارو۔
(۱۶) تم نے اپنے تمام مرغی کے بچے شمار کیے۔
(۱۷) وہ اپنے بھائی کے ساتھ رہتا ہے۔

سبق (۲۵)

الفاظ نفی کا استعمال

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیے

(۱) میں نے اس کو پہلے کبھی نہیں دیکھا
مَا رَأَيتُه قَبلاً قَطّ

(۲) میں اس کے ساتھ ہرگز نہیں کھیلوں گا۔
لَن اَلعَبُ مَعَهُ اَبَدًا

(۳) میں جھوٹ کبھی نہیں بولتا ہوں
لَا اَقُولُ الكَذِبُ اَبَدًا

پس وہ حروف یا الفاظ جو جملہ کو منفی کر دیتے ہوں نفی کہلاتے ہیں جیسے

لَا اَحَدٌ	کوئی نہیں	لن	-	ہرگز نہیں
لَا شَیْءٌ	کوئی چیز نہیں	لیْسَ	-	نہیں
مَا	نہیں	لم		نہیں
لَا	نہیں			نہیں
	نہیں			نہیں

عربی الفاظ اور معنی

عِجلٌ - بچھڑا قُوَّةٌ - طاقت

الیقاء - چھوڑنا	رجاءٌ - امید
البتۃ - بالکل	فرقٌ - اختلاف
الاقراضُ - ادھار دینا	سلطان علیٰ - کسی پر قوت
الھزیمۃُ - زیر کرنا	مُطلقًا - ذرا بھی / جو کچھ
کلامٌ - بات چیت	مبالٌ - جھکا ہوا / مائل ہوا
اَمَلٌ فِی - امید	الخداع - دھوکا دینا / بہکانا

ا۔ عربی سے اردو پڑھیے

(۱) لافرق بین ھٰذا و ذالکَ

اس اور اس کے درمیان فرق نہیں ہے۔

(۲) لَیسَ لہ فائدۃُ الآن ۔

اب اس کے لئے کوئی فائدہ نہیں ہے۔

(۳) لَمْ اَسمع عنہ شیئًا مّا

میں اس سے کچھ نہیں سنتا ہوں۔

(۴) لا احدُ فِی الدَّارِ الیوم

آج گھر میں کوئی نہیں ہے۔

(۵) لیسَ لہا اطفالٌ البتۃ

اس کے بچے قطعاً نہیں ہیں۔

(۶) لیسَ لدی وقتٌ لزیارتکم الیومَ

آج اس سے ملنے کے لیے کوئی وقت نہیں ہے

(۷) لیس للمریض شھیۃٌ لِلاَ کلِ

مریض کو بھوک نہیں ہے۔

(۸) لم نری خاد ما ھنا لکَ

ہم نے وہاں نوکر نہیں دیکھا۔

(۹) لیسَ لکَ سلطانٌ علیہ.

اس پر کوئی زور نہیں ہے۔

(۱۰) لا املَ لِی فِی لقائِہِ غداً

کل اس سے ملنے کی مجھکو امید نہیں ہے۔

(۱۱) لا فائدۃٌ فی الکلام معہ الآن۔

اب اس کے ساتھ بات کرنے میں کوئی فائدہ نہیں۔

(۱۲) لیسَ لھُمْ شواغلُ مطلقاً۔

اس کے لئے کوئی کام نہیں ہے۔

(۱۳) لا یحصُل شیءٌ کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

(۱۴) لیسَ لِی شغل الیوم۔

آج میرے لئے کوئی کام نہیں ہے

(۱۵) لیسَ عِندی نقودٌ لاقرضکَ

تم کو دینے کے لئے میرے پاس کوئی رقم نہیں ہے۔

(۱۶) لیس عندَ ھا قلمٌ تکتبُ بہِ۔

اس کے پاس کوئی قلم نہیں ہے جس سے وہ لکھ سکے۔

(۱۷) ما اضربت احداً ابداً

میں کبھی کسی کو نقصان نہیں پہونچاتا ہوں

(۱۸) لم یکن الرجل میالاً للاساءۃ قطّ

آدمی برائی کے لئے کبھی مائل نہیں ہوتا۔

(۱۹) لن یعودوا الیٰ مصرَ ابداً

کبھی مصر کی طرف نہ لوٹو۔

(۲۰) لایجب الاتخدع النّاسَ

لوگوں کو دھوکہ نہیں دینا چاہیئے

ب :- اردو سے عربی بنایئے۔

(۱) یہاں کوئی نہ تھا۔

(۲) ہم کسی سے نہیں ملے۔

(۳) انہوں نے ہم سے کچھ نہیں لیا۔

(۴) تم قطعاً دوست نہیں رکھتے۔

(۵) یہ کوئی نہیں کہے گا۔

(۶) کوئی خبر نہیں پہونچی

(۷) تمہارے پاس روٹی ہے لیکن میرے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔

(۸) کھیت میں کوئی بچھڑا نہ تھا۔

(۹) مجھے اس سے کوئی خوف نہیں
(۱۰) یہاں شور نہ مچاؤ
(۱۱) اس پیڑ پر کوئی چڑیا نہیں ہے
(۱۲) اسطبل میں کوئی گھوڑا نہیں ہے۔
(۱۳) شہر میں کوئی فقیر نہیں ہے۔
(۱۴) میں تم کو دینے کے لئے کوئی کتاب نہیں رکھتا ہوں
(۱۵) کل میرے ساتھ کوئی نہ تھا۔
(۱۶) ان کے پاس کچھ بھی رقم نہیں ہے۔
(۱۷) تمہارے لکھنے کے لئے کوئی کاغذ نہیں ہے۔
(۱۸) اس نے مجھ کو ہرگز نہیں دیکھا ہے۔
(۱۹) فوج ملک کو ہرگز زیر نہیں کرے گی۔
(۲۰) میرے بچے سڑک پر ہرگز نہیں کھیلیں گے۔
(۲۱) میں نے کوئی خبر نہیں سنی ہے۔

سبق (۲۶)

استفہام اور فعل کا استعمال

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیے

(۱) کیا وہ خوب لکھتا ہے — هَلْ يَكْتُبُ جَيِّدًا

(۲) اس نے خوب لکھا — هَلْ كَتَبَ جَيِّدًا

(۳) شاگرد کب چلا گیا — هَلْ ذَهَبَ التِّلْمِيذُ

پس عربی میں هَلْ (کیا) اور ہمزہ (خبریہ جملہ) سے قبل استفہام کیے جاتے ہیں۔

عربی الفاظ اور معنی

مُهْرٌ	گھوڑی	طَوِيلٌ	لمبے عرصے تک
بلطةٌ	کلہاڑی	الْإِصَابَةُ	مارنا، رکھ دینا
فَأْسٌ	تبر تیشہ	الْاِسْتِيقَاظُ	جاگنا
ضابِطٌ بحریٌ	کپتان	الثقة	بھروسہ کرنا
نارٌ حریقٌ	آگ	الشعور	محسوس کرنا
الذوق	چکھنا	المزح	ہنسنا
اللبسُ	پہننا	الدّفع	دھکیلنا

الصیرورۃ - ہونا   الدافع   بندوق
مطبخ   باورچی خانہ

۱. عربی سے اردو پڑھیے

(۱) هل رأيت الأسد في قفصه
کیا تونے شیر کو اپنے پنجرے میں دیکھا ؟

(۲) هل عاد التاجر من الاسكندرية امس
کیا کل سوداگر اسکندریہ سے لوٹا ؟

(۳) اتبقى هنا طويلاً
یہاں تم دیر تک رہ سکتے ہو ؟

(۴) هل اصبت الطائر في جناحه
کیا تم نے پرند کو اس کے بازو پر مارا ؟

(۵) هل املأت الوعاء لبنًا
کیا تم نے برتن کو دودھ سے بھر دیا ؟

(۶) هل حفظت اختك درسها جيدًا
کیا تمہاری ہمشیرہ نے اپنا سبق خوب یاد کر لیا ؟

(۷) هل تستيقظ مبكرا كل يوم
کیا تم علی الصبح ہر روز اٹھتے ہو ؟

(۸) هل تثق كثيرا بهذا الخادم

کیا تم نے اس نوکر پر پورا پورا بھروسہ کیا ؟

(۹) أتعرف الطريق الى المدرسة

کیا تم مدرسے تک کا راستہ جانتے ہو ؟

(۱۰) أتشعر الطفلة بالم في قدمها

کیا لڑکا اپنے پاؤں میں درد محسوس کرتا ہے ؟

(۱۱) أتمزح مع معلميك

کیا تم اپنے استاد کے ساتھ ہنستے ہو ؟

(۱۲) هل رأيت القط يقفز

کیا تم نے بلی دوڑتی دیکھی ؟

(۱۳) هل دفعت الغلام بيدك

کیا تم نے اپنے لڑکے کو اپنے ہاتھ ڈھکیلا ؟

(۱۴) هل صار اخوك تاجرا

کیا تمہارا بھائی سوداگر ہو گیا ؟

(۱۵) هل أخذت هذا الرجل في خدمتك

کیا تم نے اس آدمی سے اپنی خدمت لی ؟

(۱۶) هل سرقت المرأة السمكة من المطبخ

کیا عورت نے باورچی خانے سے مچھلی چرائی ؟

(۱۷) أتسمع المدفع كل يوم

کیا تم ہر روز بندوق سنتے ہو ؟

ب. اردو سے عربی بنائیے۔

(١) کیا آپ (تو) مجھ کو جانتے ہو؟
(٢) کیا نوکر نے کھڑکی توڑ دی؟
(٣) کیا گھوڑی نیچے گر گئی؟
(٤) کیا بہت سے لڑکے امتحان میں فیل ہو گئے؟
(٥) کیا تم اپنا وعدہ یاد رکھتے ہو؟
(٦) کیا اس نے بہت سی غلطیاں کیں؟
(٧) کیا سپاہی کلہاڑی سے لڑتے ہیں؟
(٨) کیا تم گانا سنتے ہو؟
(٩) کیا ملاحوں نے اپنا کپتان مار دیا؟
(١٠) کیا تمہاری امی مصر کو جاتی ہے؟
(١١) کیا تم کوئی رقم چاہتے ہو؟
(١٢) کیا یہ گائے اچھا دودھ دیتی ہے؟
(١٣) کیا چڑیاں سمندر کو پار کرتی ہیں؟
(١٤) کیا تم نے کل بڑی آگ دیکھی تھی؟
(١٥) کیا ان برے لڑکوں کو استاد نے سزا دی؟
(١٦) کیا کوئی دیوار پر اچھلتا ہوا لڑکا دیکھا؟
(١٧) کیا تم نے گوشت کا ذائقہ چکھا؟
(١٨) کیا تم سردیوں میں اوور کوٹ پہنتے ہو؟

سبق (٢٧)

استفہام بغیر فعل اور مع فعل

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیے

(١) کیا وہ کھیل رہا ہے؟ — هَل يلعب الآن؟

(٢) کیا وہ آگئی ہے؟ — هَلْ أنتَ قريباً؟

(٣) کیا تم گا سکتے ہو؟ — أيمكنك أن تغني؟

یہ جملے تو فعل کے ساتھ تھے اب بغیر فعل بھی پڑھیے

(١) أهناكَ رجلٌ — آدمی کہاں ہے؟

عربی الفاظ اور معنی

الصرفُ - خرچ کرنا	مهم - اہم
جبلٌ - پہاڑ	بلاد اليونان - یونان
هدية - پیش کش	رجال الاطفاء - آگ بجھانے والے
المرور من - کسی کے ذریعہ دینا	متهورٌ - شخص باخود غرض
عيونٌ - جالیاں	السؤال - پوچھنا
فتحات - جھنجھرے	فقط - ہمیشہ
راغبٌ في - چاہنے والا	سربٌ - جھنڈ گروہ

الطیران - اڑنا ۔ متحف ۔ میوزم عجائب گھر

ا۔ عربی سے اردو پڑھیے

(۱) أھھُنا أبُوكَ - تمہارا باپ کہاں ہے؟
(۲) أمَعكَ أحدٌ - کیا تمہارے ساتھ کوئی ہے؟
(۳) أھٰذا سیّدك - کیا یہ تمہارا آقا ہے؟
(۴) أعندكَ شئٌ تقولہ لی
کیا تمہارے پاس مجھ کو دینے کے لیے کوئی چیز ہے؟
(۵) ھَل کنتَ غائبا عن المدرسة منذ اسبوعٍ
کیا تم مدرسے سے ایک ہفتے تک غائب رہے؟
(۶) ھَل أنت مغرم بسماع الموسیقی
کیا تم موسیقی کے سننے سے شوق رکھتے ہو؟
(۷) أھٰذا أمرِھُم ان کا یہ کیا معاملہ ہے؟
(۸) أیقدرھٰذا الغلام أن یحمل ھٰذا الحمل الثقیل۔
کیا یہ غلام یہ بھاری بوجھ اٹھانے کی قدرت رکھتا ہے؟
(۹) أیلزمنی أن ازورھا فی المنزل غداً
کیا کل مکان پر ملاقات کرنا ضروری ہے؟
(۱۰) أتبحر الباخرة إلی بلادِ الیونان بعد ثلاثة ایّامٍ
ل کیا ۳ دن کے بعد شہر یونان کو کشتی چلے گی

(۱۱) هَل امكن رجال الاطفاء أن يخلصوا الولد من الحريق

(۱۲) هل سجن المتّهم بامر القاضى

(۱۳) أتسمح لى أن اسألكَ سوالاً

(۱۴) هل رأيت قط سريًّا من البط سؤالاً

(۱۵) هل الشتاء بارد فى مصر
کیا مصر میں سردیوں کا موسم سرد ہے ؟

(۱۶) هل مازلت راغبًا فى زيارة المتحف المصرى

(۱۷) ايمكنك أن تراقب ذالك الرّجل الّذى يتحرك بين اشجار الحديقة -

ب :- اردو سے عربی بنایئے
(۱) کیا آج صبح تم دیر سے آئے تھے ؟
(۲) کیا وہ رقم صرف کرنے کے لئے رکھتی ہے ؟
(۳) کیا تمہاری کہانی سچی ہے - ؟
(۴) کیا تمہارے پاس روٹی ہے ؟

عربی جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجئے

(۵) کیا میں تم سے سچ کہوں گا ؟
(۶) کیا تم اس کرسی پر بیٹھو گے ؟
(۷) کیا تمہارے باپ تجھ کو ۵ پونڈ دے گا ؟
(۸) کیا تمہارا باپ تم سے خفا ضرور تھا ؟
(۹) کیا ہم پہاڑ پر سے کود دیں گے ؟
(۱۰) کیا تم نے اپنے چچا کو کچھ لکھا ہے ؟
(۱۱) وہ تم کو کیا پیش کر چکی ہے ؟
(۱۲) کیا کھانا ایک گھنٹہ میں تیار ہو جائے گا ؟
(۱۳) کیا کھانا تیار ہے ؟
(۱۴) کیا ایک مچھلی پانی کے سوراخوں کے ذریعے نکل سکتی ہے ؟
(۱۵) کیا تمہارا باپ ہماری مدد کرنا چاہتا ہے۔
(۱۶) کیا تم قہوہ میں کچھ چینی ملانا چاہتے ہو ؟
(۱۷) کیا تم انگور کے مشتاق ہو ؟

سبق (۲۸)

اسماء الاستفهام

(سوالیہ الفاظ)

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیئے۔

تم کون ہو؟	مَنْ أَنْتَ؟
یہ کتاب کس کی ہے؟	كِتَاب مَن هذا؟
تمہارا (تیرا) کیا نام ہے؟	ما اسمُك؟
یہ کتنے کا ہے؟	بكمْ هذا؟
تیرے پاس کتنے قلم ہیں؟	كم قلمًا مَعَك؟
تم کتنی دور چلے؟	الى أيّ بعد مشيت؟
تم کتنی دیر ٹھہرے؟	كم من الزّمن مكثت؟
یہ دیوار کتنی اونچی ہے؟	ما ارتفاع هذا الحائط؟

ان جملوں کے پڑھنے سے آپ کو سوالیہ الفاظ کا علم ہو گیا ہوگا۔
ان کے معنی الگ الگ سمجھ لیجیے۔

لماذا — کیوں۔ کیوں کر؟
مَنْ — کون۔ یہ مسند الیہ جملہ پہ آتا ہے

ما - کون - من کون
ماذا - کیا - مفعول اور مجرور کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
أيّ - کیا، کون
ای - کس کو، کوئی - من کن کو
متی - کب - مضاف الیہ کے لئے بھی آتا ہے
این - کہاں - کیف - کیسے

ا۔ عربی الفاظ اور معنی

صورةٌ - فوٹوگراف - الحدوث - واقع ہونا
مسافةٌ - فاصلہ - دین - ادھار
برتقالةٌ - سنترہ - الحصول علی - حاصل کرنا
جدّا - دادا - المرافقة - ہمراہ ہونا
ثمنٌ - قیمت - ارتفاعٌ - بلندی
قمیصٌ - شرٹ، قمیص - منبع - سرچشمہ
مصبٌ - منہ - الصعود - چڑھنا
دلیل - گائیڈ

ا۔ عربی سے اردو پڑھیے

(۱) ماذا نرید ؟ تو کیا چاہتا ہے
(۲) ای کتاب ترید أن نشتریه

تم کونسی کتاب خریدنا چاہتے ہو؟

(۳) ماذا حدث - کیا ہوا؟

(۴) أين السّاعة - کیا وقت ہے؟

(۵) أينَ الانسانُ - آدمی کہاں ہے؟

(۶) من اخذ ها من جیبی -

کس نے میری جیب سے اس کو لیا

(۷) متی یجب ان یدفع الدّین

اس کو کب قرض ادا کرنا چاہیئے؟

(۸) من اين حصلت على هذهِ النقود

اس رقم کو تو نے کس سے حاصل کیا؟

(۹) بکم اشتریت هذه السّلسلة الفضیلة

تم نے یہ چاندی کی زنجیر کتنے میں خریدی

(۱۰) من یروم أن یرافقنی إلى الجیزة

(۱۱) فی ایّ وقت تتمکن من العودة -

(۱۲) فی ایّ ساعة من اللیل تنام

تم کتنے گھنٹے رات کو سوتے ہو؟

(۱۳) ما السّاعة الآن - اب کیا بجا ہے؟

خالی جگہوں میں اردو ترجمہ بھریئے

(۱۴) ماارتفاع هذه المئذنة - یہ منار کتنی اونچی ہے

(۱۵) ماطول نهرالنّیل من منبعه الی مصبه

دریائے نیل اپنے سرچشمہ سے دہانے تک کتنا لمبا ہے؟

(۱۶) کیف تیسر لك أن تتسلق الحائط بدون سلم

تیرے لئے سیڑھی کے بغیر دیوار پر چڑھنا کیسے آسان ہوتا ہے؟

(۱۷) کیف امکنك ان تصعد الهرم بغیر دلیل

بغیر گائیڈ کے هرم مصر پر چڑھنا کیسے ممکن ہے؟

(۱۸) من یدینی - مجھکو کون قرض دیتا ہے؟

(۱۹) من یطرق الباب - کون دروازہ کھٹکھٹاتا ہے؟

(۲۰) ماذا یشبّه الاسد - وہ شیر کی مانند کیوں ہے

(۲۱) من این یاتی هذا الصّوت.

یہ آواز کہاں سے آتی ہے؟

(۲۲) لماذا لم تغسل وجهك فی الصباح.

تم صبح کو اپنا چہرہ کیوں نہیں دھوتے؟

ب۔ اردو سے عربی بنائیے

(۱) میرا قلم کس کے پاس ہے؟

(۲) یہ ہیٹ (ٹوپی) کس قیمت کا ہے؟

(۳) تم کس سے پوچھتے ہو؟

(۴) تم کون سا صفحہ پڑھ رہے ہو ؟
(۵) گھوڑ دوڑ کون جیتے گا ؟
(۶) کون سا لڑکا انعام جیتے گا ؟
(۷) ان قمیصوں کی کیا قیمت ہے ؟
(۸) اس نے کون سا گھوڑا خریدا ؟
(۹) یہ کس کی تصویر ہے ؟
(۱۰) مصر تک کتنا فاصلہ ہے ؟
(۱۱) دہلی کتنی دور ہے ؟
(۱۲) کب اور کیسے تم نے میرے باپ کو دیکھا ؟
(۱۳) آدمی کیسے مارا گیا ؟
(۱۴) تم اکیلے کیوں سفر کرتے ہو ؟
(۱۵) ہم کہاں سے چلیں گے ؟
(۱۶) تم نوکرے کیا کہتے ہو ؟
(۱۷) تم ایک روپیہ میں کتنے سنترے خرید سکتے ہو ؟
(۱۸) دریا کتنا گہرا ہے ؟
(۱۹) تمہارا دادا کتنی عمر کا ہے ؟
(۲۰) ان چڑیوں کو کیا کہتے ہیں ؟

سبق (۲۹)

حذف المُضافُ

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیے

(۱) یہ گھر محمدؐ کا ہے - هٰذا البَيْتُ لِمحمّدٍ
(۲) مال زید کا ہے المَال لزيدٍ

ان مذکورہ جملوں میں (ل) کا اضافہ ملکیت ظاہر کرتا ہے اور یہ اداۃ (ل) حذف المضاف کہلاتا ہے۔ لہٰذا قبضہ یا ملکیت ظاہر کرنے کے لئے اسم سے پہلے ل شامل کر دیا جاتا ہے لیکن مضاف اور مضاف الیہ میں اکثر یہ طریقہ اختیار نہیں کیا جاتا۔

عربی الفاظ اور معنی

لهٗ	- اسکا، اس کیلئے	کتبی	- کتاب فروش
لهم	- ان کے لئے، انکا	ذهبی	- سنہرا
لنا	- ہمارے لئے، ہمارا	فی البیت	- گھر میں
لِلّٰہِ	- خدا کا	کتانٌ	- سن کا کپڑا (کتان)
الملكُ لِلّٰہِ	- خدا کی بادشاہت	بُصنقٌ	- پاس، پاس

بجوار - آس، پاس | الابتیاع - خریدنا
مظلۃٌ - چھتری | الاشتراء - خریدنا
شمسیۃٌ - چھتری | الظنّ - خیال کرنا، سوچنا
فی الساعۃ الرّابعۃ الاربعًا - چوتھائی گھنٹے میں ہی
فی منتصف الساعۃ الرّابعۃ - گذشتہ چار چوتھائی میں

ا۔ عربی سے اردو پڑھیے

(۱) بیتنا لصق بیت احمد
ہمارا گھر احمد کے گھر کے پاس

(۲) ھذہ المظلمۃ لی لا لابی
یہ چھتری میری ہی ہے میرے ابا کی نہیں ہے۔

(۳) ألاحمد ھذہ الارض ام لیوسف
اس زمین کا مالک احمد ہے یا یوسف کے لئے ہے

(۴) ھذہ الفرس الجمیلۃ للباشا -
یہ خوبصورت گھوڑی پاشا کے لئے ہے۔

(۵) اشتریت خبزا من دکان الخبّاز
میں نے نان بائی کی دوکان سے روٹی خریدی

(۶) ھذہ العجلۃ تشبہ عجلۃ الامیر -
یہ گاڑی امیر کی گاڑی سے ملتی جلتی ہے

(۷) ارید أن اتباع دراجة کدراجة هذا الأفندی
میں ایسی بائیسکل خریدنا چاہتا ہوں جیسی آفندی کی ہے

(۸) این حانوت الجزار قصائی کی دوکان کہاں ہے؟

(۹) هذه الحدیقة اللطیفة لجارنا
یہ اچھا باغیچہ ہمارے ہی پاس ہے۔

(۱۰) ظننت هذا الخادم خادم عمی
میں نے اس نوکر کو اپنے چچا کا نوکر سمجھا۔

(۱۱) هذا الطفل ابنی وذاك ابن صدیقی
یہ لڑکا میرا ہی ہے اور وہ میرے دوست کا بیٹا ہے۔

(۱۲) لم افقد کتابی غیر ان اخی اضاع کتابه
میں نے اپنے سن کا کپڑا کھو دیا لیکن میرے بھائی نے اپنی کتاب کھو دی

(۱۳) أتذهب فی مرکبی أفی مرکب اولاد عمی
کیا تم میری کشتی میں جاؤ گے یا میرے چچا کی اولاد کی کشتی میں

(۱۴) افضل لبن البقر علی لبن الجاموس۔
گائے کا دودھ بھینس کے دودھ سے بہتر ہے۔

(۱۵) خرجت من بیتی فی منتصف الساعة الثالثة

(۱۶) رکب صفوت حصان ابی ورکبت حصان ابن اخی

(۱۶)

خالی جگہوں کے جملوں کا اردو ترجمہ کیجیے۔

ب۔ اردو سے عربی بنایئے

(۱) یہ گھر میرے باپ کا ہے۔
(۲) یہ محل بادشاہ کا ہے۔
(۳) وہ نیا اوورکوٹ قاسم کا ہے۔
(۴) اپنی کتاب لیجئے اور اس کو احمد کو دیجیے۔
(۵) ہم نے علی کو کتاب فروش کی دوکان پر دیکھا۔
(۶) نوکر میری بہن کا ہے۔
(۷) میں اپنے چچا کے یہاں رہ رہا ہوں۔
(۸) یہ تمھاری کتاب ہے خلیل کے گھر میں ہے۔
(۹) میں اپنا گھر محمدؐ کو پیش کرتا ہوں۔
(۱۰) یہ تمھارا قلم ہے یا تمھارے بھائی کا۔
(۱۱) یہ سوتی قمیص میرے باپ کی ہے۔
(۱۲) یہ میرا کتا نہیں ہے بلکہ یہ میرے دوست کا ہے۔
(۱۳) وہابیہ کے بال بہت سیاہ ہیں۔ لیکن اس کی بہن کے سنہرے ہیں۔

سبق (۴۰)

حروف العطف

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیے۔

(۱) آدمی بوڑھا اور کمزور ہے۔

الرجل هرم و ضعيف

(۲) چینی باشندے جاپانیوں کی طرح ہاتھی دانت کی صنعت میں بہت کارکن ہوتے ہیں۔

الصينيون كاليابانيين ماهرون في صناعة العاج

(۳) یہ یا وہ مجھے دیجیے۔ اعطني هذا أو ذاك

(۴) کیا۔ آیا یا نہیں آیا أحضر أم لم يحضر؟

(۵) یا تو مجھے چار روپے دیجیے یا ہتوڑا اعطني نقاياً وإمّا فهوه

(۶) نہ صابر ہی نہ عزیز ہی آیا

ما اتى صابر ولا عزيز۔

(۷) ماہر نہیں دوڑا بلکہ اس کا بھائی دوڑا

ما جرى ماهر لكن اخوه۔

(۸) ہم ایک مکان، ایک باغیچہ اور ایک کھیت رکھتے ہیں
نملك بيتاً و حديقة و مزرعةً

مذکورہ بالا جملوں میں و (اور)ک (جیسے) اَوْ (یا) اَمّا (یا) وَلاَ (اور نہیں)، لکن (لیکن) بل (بلکہ) وغیرہ حروف عطف کہلاتے ہیں جو دو لفظوں کو جوڑتے ہیں۔

یاد رکھئے جو لفظ یا حروف لفظوں یا جملوں کو جوڑنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں ان کو حروف عطف کہتے ہیں جیسے۔

احمد اور محمد مصر جا رہے ہیں۔
احمد کرکٹ کھیلتا ہے لیکن محمد نہیں کھیلتا ہے۔

(۱) حروف عطف ضمیر نسبتی کے سادی الفاظ یا جملوں کو جوڑتے ہیں لیکن کسی اسم کے بجائے استعمال نہیں کئے جاتے۔
(۲) حروف عطف کا کوئی اسم یا ضمیر مفعول نہیں ہوتا
(۳) حروف عطف متعلق فعل یا ظرف زمان و مکاں کی طرح کبھی دوسرے لفظ کے معنی میں خصوصیت پیدا نہیں کرتے۔
(۴) حروف عطف دو قسم کے ہوتے ہیں۔
(۱) وہ الفاظ جو برابر کے درجہ والے جملوں کو جوڑتے ہیں ان کو مربوط حروف عطف کہتے ہیں۔ جیسے۔

وہ چاول خریدتا ہے اور ان کو بیچتا ہے۔
وہ غریب ہیں لیکن شریف ہیں

(۲) جو الفاظ تابع یا ثانوی فقرہ کو فاعلی، عملی فقرہ سے جوڑتے ہیں.
ان کو حروف عطف متبوع کہتے ہیں۔ جیسے
ہم جانتے ہیں کہ زمین گول ہے.
دریافت کرو اگر کھانا پکسد گیا ہو.
اس لئے عربی میں اَنْ (کہ، اور لو (اگر) بھی حروف عطف متبوع ہیں
(۳) ایک ہی درجہ کے جملے ایک دوسرے سے چار طرح سے جوڑے
جا سکتے ہیں اس لئے چار قسم کے حروف عطف مربوط ہوتے ہیں

(۱)

و	اور	کل شی سوی	لیکن سب کچھ
کلا	دونوں	اِلّا اَن	لیکن یہ کہ
کلاھما		لکنّ	لیکن
کلتا	دونوں	فقط	بس
ایضاً	بھی	بل	بلکہ
کذلک	بھی، اسی طرح	الّا	سوا
مساویًا لک	جیسا کہ	ماعدا	اِسکے علاوہ
کمثل	مثل جیسا	مالم	کچھ نہیں

(۲)

اما	یا	او	یا
آم	یا	لا	نہیں

ولا - اور نہیں	والا علاوہ ازیں
خلافاً لذالك - اس کے خلاف	بالعکس برخلاف

(۳)

مع ذلك - اسکے باوجود	کیفما کان - بہرکیف
مع کل ذلك - سب کے ساتھ	مہما کان - بہرکیف
حتی الآن - اب تک	بینما - تک
للآن - اب تک	حیثما - کبتک جبتک
علی ان - یہ کہ	فی اثناء کذا - اسی دوران میں

(۴)

لهذا - اس لئے	لهذا السبب - اس لئے
ثمّ - پھر	ل - لیے
هکذا - ایسے ایسا	ف - پھر پس

عربی الفاظ اور معنی

نادراً - گاہ بہ گاہ	مبتسم ہنسنے والا
قلّما - کبھی کبھار	أبلهٌ بے وقوف
عظیم الامل - بڑا امید	ملبد بالغیوم - غبار آلود
غبیّ بے وقوف	" - بادلوں سے ڈھکا ہوا
محتال لچا لفنگا	الشروع - آغاز کرنا

الادخار	بچانا، رقم بچانا	غیرك	تو شخص
برًّا	زمین میں	غیرہ	وہ شخص
غیری	میں شخص		

ا عربی سے اردو پڑھیے

(۱) اخذت من أبی قرشا و نصفًا
میں اپنے باپ سے ۱½ قرش لیتا ہوں

(۲) ادخرت مائة جنیه او مائة وعشرین
میں ۱۰۰ یا ۱۱۰ گنی بچاتا ہوں

(۳) یمکنك ان تسافر برًّا أو بحرًا
تم خشکی و تری سے سفر کر سکتے ہو۔

(۴) إمّا ان تذهب بنفسك و إمّا ان ترسل غیرك
یا تم خود جا سکتے ہو یا اپنے سوا کسی کو بھیج سکتے ہو؟

(۵) ما رأیت اللصّ بل راه أخی

(۶) ما کلمتنی بل کلمت غیری

(۷) أبی ان یذهب بنفسه أو ان یرسل خادمه
میرا باپ خود ہی جاتا ہے یا اپنے نوکر کو بھیجتا ہے

(۸) ذهبنا إلى روض الفرج ثمّ إلى شبرا

(۹) شرع يتكلم لكن لم يصغ إليه أحد۔

(۱۰) أبوك قوي كما أنه شجاعٌ

(۱۱) لا تكتب بهذا القلم بل بذاك

(۱۲) أهو الذي أخذ الجائزة أم أنت

(۱۳) أخوك غني كما أنه كريمٌ

(۱۴) ذهبت إلى دكان الكتبي واشتريت ورقا وقلما وكتبا

(۱۵) دخل محمد وعلي فبكر ثم صادقٌ

(۱۶) لا تكرم خالدا لكن زيدا

(۱۷) أحضر أحمد أم حامدٌ۔

خالی جگہوں میں اردو ترجمہ بھریئے

(۱۸) خذ قلما أو مسطرةً

(۱۹) لا تضرب محمّدًا بل محمودًا

(۲۰) احضر القلم لا الدّواةَ

(۲۱) رحل القوم حتى الدواب۔

ب - اردو سے عربی بنائیے

(۱) وہ نیچے بیٹھی اور چلی گئی۔

(۲) مرغی حتیٰ کہ مرغا بھی چرا لیا ہے۔

(۳) وہ خوش اور مسکراتی ہوئی واپس چلی گئی

(۴) وہ غریب ہیں لیکن ایماندار ہیں۔

(۵) یا تو خاموش رہو یا کمرے کو چھوڑ دو۔

(۶) وہ پڑھ سکتا ہے۔ لکھ سکتا ہے اور شمار کر سکتا ہے

(۷) وہ محنتی ہیں لیکن پر امید ہیں

(۸) وہ یا تو بے وقوف ہے یا منگتا ہے۔

(۹) کتنی بھیڑیں اور کتنی بکریاں تمہارے گھر میں ہیں۔

(۱۰) ایک بلی اور ایک کتا دونوں اچھے دوست ہیں۔

(۱۱) ہم دو ستائی سے یا کہر پا سے لکھ سکتے ہیں۔
(۱۲) نہ تو بادشاہ نہ شہزادہ موجود تھا۔
(۱۳) دن صاف تھا لیکن آسمان بادل آلود تھا
(۱۴) تمہارا دوست کیا بڑا ہے یا چھوٹا۔

سبق ۳۱

روابط الجمل

(منفصلہ الفاظ)

ذرا ان جملوں کو تو پڑھئے۔

(۱) میں نے سن لیا کہ تم بیمار تھے۔

سمعت إنّك كنتَ مريضًا

(۲) وہ اتنا بیمار تھا کہ وہ بات نہیں کر سکتا تھا۔

كان مريضا جدًّا فلم يقو على التكلّم

(۳) میں ریل گاڑی چھوٹنے سے پہلے ہی اسٹیشن پر پہنچ گیا تھا۔

وصلت المحطة قبل تحرك القطار

(۴) میں جانتا ہوں وہ کیوں ہنس رہا ہے

اعرف لماذا يضحك الآن اعرف سببَ ضحكه

یا

أعرفُ سَبَبُ ضِحكهٖ

میں جانتا ہوں اس کے ہنسنے کا کیا سبب ہے۔

(۵) کیا تم میرا انتظار کرو گے کہ میں اپنی لاٹھی کو اٹھا لوں۔

أتنكرم بانتظاري الى ان احضر عصاى

یہ سب جملے "روابط الجمل" کہلاتے ہیں۔ ان میں مندرجہ ذیل حروف اس مقصد کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔

أنْ	-	کہ	عند ما	-	کب تک
کیْ	-	کہ	بینما	-	ہرچند
الفاء ف	-	پس	اثناء	-	دوران
حتّٰی	-	کہ	اینما	-	کہاں
لأنْ	-	کیونکہ، لئے	حیثما	-	کہاں پر
اِلی اَن	-	تک، تاہم	کیف	-	کیسے
اِن لم	-	وگرنہ	لماذا	-	کیوں
ما لَمْ	-	نہیں تو	قبلما	-	پہلے ہی
اذا	-	اگر	قبل ان	-	پہلے کے
لو	-	اگر، کاش	بعد ما	-	بعد ازاں
ولو	-	ہرچند کہ	بعد أن	-	اسکے بعد کہ
مع ان	-	باوجودیکہ	سواءً	-	بجز
ممّا	-	بہ نسبت سے	لذالك	-	اس لئے
بینما	-	جیسے	کان		گویا کہ
متی	-	کب			.....

یہ حرف عطف کے اقسام میں درج کئے جا چکے ہیں۔

عربی الفاظ اور معنی!

اوربا	یوروپ	الارتماء	جھوٹ بولنا
النهب	چھپنا۔ لوٹنا	الطرح	جھوٹ بولنا
النجاح	کامیاب ہونا	الانتباہ	توجہ کرنا
التوضیح	واضح کرنا	کتابٌ	خط
التصدیق	یقین کرنا	رسالةٌ	خط
الطرد	دوسرے سے کرنا	مکتب البرید	ڈاکخانہ
العودة	لوٹنا	لای سبب	کیوں
الاستحقاق	سزاوار ہونا		"
"	لائق ہونا		"

ا۔ عربی سے اردو پڑھیے

(۱) انا مسرور لانی قابلتك

میں تم سے مل کر بہت خوش ہوں

(۲) سامحنی ولو انی تعبت

(۳) اذا امطرت فلا ادعك تخرج من البيت

(۴) انت سعيد لانك طبيبٌ

عربی جملوں کا اردو میں ترجمہ کریں۔

مندرجہ ذیل عربی جملوں کا ترجمہ کیجیے۔

(۵) ساذهب مالم اكن مريضًا

(۶) لا يمكنى تصديق هذا مع انني سمعته مرارًا

(۷) أتظن إنّه يعود بعد ان طردته

(۸) لا اعرف متى يحضر

(۹) أسكت كى تسمع جيّدًا

(۱۰) اعطيته اكثر مما يستحق

(۱۱) لا بأس بأن تذهب لأني سأبقي هنا

(۱۲) ذهبت الفتاة قبل ان ياتى والدها

(۱۳) ستبقى الرسائل فى مكتب البريد الى ان تطلب

(١٤) الشجرة مطروحة حيث سقطت

(١٥) سأتكلم بعد أن تتكلّم

(١٦) سأذهب سواءٌ أمطرت أمْ لم تمطر

(١٧) أتعرف لأيِّ سببٍ غضب أبوكَ

(١٨) نعم! أعرف لماذا غضب

ہاں! میں جانتا ہوں اس نے کیوں غصہ کیا۔

(١٩) هل أذلك أين يمكنك أن تجده

(٢٠) لم يخرج أبي من البيت البارحة لما كان الهواء رطباً

(٢١) لا تتعلم ما لم تنتبه

ب۔ اردو سے عربی بنایئے

(١) اس کو اخبار دو جب کہ تم اس کو دیکھتے ہو۔

(٢) نوکر آیا جبکہ تم جا چکے تھے۔

عربی جملوں کو اردو میں لکھیے

(۳) میں اس کے آنے سے پہلے ہی چلا گیا تھا۔
(۴) میں شروع کرنے سے پہلے ہی آپ کو سب کچھ بتا دوں گا۔
(۵) اپنے بولنے سے پہلے سوچو۔
(۶) میں گھر نہیں چھوڑوں گا حتیٰ کہ میں تمہارا بھائی دیکھ لوں
(۷) یہ وہی گھر ہے جہاں میں رہتا ہوں۔
(۸) میں نہیں جانتا کہ وہ آج کہاں ہے۔
(۹) اس نے خود ہی کہا کہ گویا وہ کسی سے خوفزدہ تھا۔
(۱۰) وہ اتنا تھکا ہوا تھا کہ وہ بستر پر لیٹ گیا۔
(۱۱) سخت کام کرو تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ۔
(۱۲) اگر تم وہاں جاؤ گے تو میں اس کو دیکھ لوں گا۔
(۱۳) اگرچہ وہ خوب دوڑا لیکن وہ دوڑ نہیں جیت سکا۔
(۱۴) وہ آدمی قید میں رکھا گیا تھا کیونکہ اس نے اپنے ماسٹر کو لوٹا
(۱۵) میں نے خیال کیا کہ تم مجھ سے بولنا چاہتے ہو۔
(۱۶) موسم گرما گرم ہے لہٰذا ہم یورپ جائیں گے۔
(۱۷) جوں ہی میں نے اس کو دیکھا وہ بیمار تھا۔
(۱۸) خواہ تم جاؤ یا نہ جاؤ میں نہیں جاؤں گا۔
(۱۹) ہر چند کہ تم کوئلہ کو آگ پر رکھو گے وہ جل جائے گا۔
(۲۰) اگرچہ ہوا اچھی تھی لیکن جہاز نہیں چلا۔

سبق (۳۲)

متصلہ ضمائر!

(اسمار موصولہ)

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیئے

(۱) وہ آدمی جو آئے تھے تمہارے بھائی ہیں۔
الرّجال الذین جاءُوا هُم اخونك

(۲) میں اس لڑکی کو جانتا ہوں جس کی ماں مرگئی۔
اعرف الفتاة التی ماتت امّها

(۳) یہ وہی لڑکے ہیں جن کو میں پڑھاتا تھا۔
هٰؤلاءِ هُمُ الاولاد الذین علّمتهم

(۴) یہ وہی گھر ہے جس کو میں نے خریدا تھا۔
هٰذا هو البیت الذی اشتریتهٗ

(۵) شہر جس میں میں رہتا ہوں قاہرہ ہے۔
المدینة التی اعیش فیها هی القاهرة

(٦) میں نے سن لیا جو کچھ تم نے کہا۔
سمعتُ ما قلته

ان جملوں میں التی (جو) الذی (جو) الذین (جن) اور (جو) وغیرہ ایسی نسبتی ضمیریں ہیں۔ جو المتقدم کے بعد ہی استعمال ہوتی ہیں جیسے

الذی	-	جو	(واحد کے لئے)
التی	-	جو	(واحد عورت کے لئے)
الذان	-	جو	(دو کے لئے)
الذین	-	جو	(سب کے لئے)
اللتان	-	جو - من - جو ما جو	

عربی الفاظ اور معنی!

مکافاۃٌ -	انعام	ذئبٌ -	بھیڑیا
فمٌ -	منہ	ماکینۃٌ -	مشین
عظمۃ -	ہڈی	السّفرُ	سفر کرنا
حقٌ -	سچ	الفقدُ -	نقصان ہونا
صدقٌ -	سچائی	الضیاعُ -	گمنا
عمدۃ -	عمدہ کھیا	الھربُ -	بھاگنا
کل ما -	سب کچھ	الردُّ -	واپس دینا
قد یئرُ -	پرانا	القتلُ رمیا	شروع کرنا
عتیق	قدیم	بالرّصاص	

(۱) عربی سے اردو بنایئے

(۱) هٰذا هُوَ الرَّجُل الّذی رأیناه امس۔
یہی وہ آدمی ہے جس کو ہم نے کل دیکھا تھا۔

(۲) لقد ترکنا المنزل الذی اقمنا فیه زمنًا طویلًا۔
ہم نے وہ مکان چھوڑ دیا ہے جس میں ہم بڑے زمانے سے قیام کرتے تھے

(۳) فقد صندوق الملابس الذی احضرته معی من البلد۔
کپڑوں کا وہ صندوق جو میں اپنے ساتھ شہر سے لایا تھا۔

(۴) الطفل الذی یموت والده یقال لهُ یتیم
لڑکا جس کی ماں مر جاتی ہے اس کو یتیم کہا جاتا ہے۔

(۵) الکتاب الذی قرأته امس مفیدٌ
وہ کتاب جو میں کل پڑھتا تھا مفید تھی

(۶) هذا هو التلمیذ الذی اضعت کتابه
یہ وہی شاگرد ہے جس کی کتاب میں نے کھو دی تھی۔

(۷) أنت الفتاة التی کنت تسألین عنها

(۸) هرب من السجن اللصوص الذین سرقوا نورنا

(۹) سافعل کل ما تریده

(۱۰) لم یقل احدٌ ما قلته

(۱۱) الرّجل الذی قابلته الیوم کان صاحبی قدیمًا
آدمی جس سے آج ملاقات کی تھی میرا پرانا دوست تھا۔

(۱۲) هذه هی الاشیاء التی کنت تبحث عنها

(۱۳) ردّ إلی الکتابین الذین اخذ تهما منّی

(۱۴) هذه هی الذئاب التی قتلنا رمیا بالرّصاص

(۱۵) فی مصر منازل مبنیة بالطین
مصر میں مٹی سے بنے ہوئے گھر ہیں۔

(۱۶) اعطنی النقود التی اقرضتک ایّاها

(۱۷) انّی اعرف ما ستفعله

(۱۸) هؤلاء النسوة یقمن فی شارع بعید عن المدرسة

(۱۹) رأیت الیوم حمارا یقدر أن یجری ستة امیال فی نصف ساعة

(۲۰) من یتکلّم کثیرًا یفعل قلیلًا
جو زیادہ بولتا ہے کم کام کرتا ہے۔

عربی جملوں کا ترجمہ اردو میں کیجیے۔

(۲۱) الآلة التی کسرت امس اصلحت الیوم۔

ب :- اردو سے عربی بنایئے

(۱) وہ لڑکا جس نے انعام پایا تھا ابن تھا۔
(۲) وہ آدمی جو جوتے پہنتا تھا مر گیا ہے۔
(۳) وہ مکان جو میرے سامنے ہے فروخت ہو گیا ہے۔
(۴) وہ ملک جس سے میں آیا ہوں انگلستان ہے۔
(۵) وہ سڑک جس میں رہتا ہوں شارع قاضی کہلاتی ہے۔
(۶) وہ آدمی جس سے میں آٹا خریدتا ہوں ہندوستانی ہے۔
(۷) وہ آدمی جس سے ہم بات کر رہے تھے ایک ڈاکٹر ہے۔
(۸) یہاں وہی ایک لڑکا ہے جو سچ نہیں بولتا ہے۔
(۹) مکان جو گذشتہ سال بنایا گیا تھا گر چکا ہے۔
(۱۰) یہ ہماری بلی تھی جس نے چوہے کو مار دیا
(۱۱) لڑکا جس کے جوتے گندے تھے کو اس کے استاد نے سزا دی۔
(۱۲) قصبہ جس میں ہم نے سفر کیا بنی سویف تھا۔
(۱۳) دوست جس کے ساتھ ہم بازار گئے تھے بہت مہربان تھا
(۱۴) آدمی جس کے گھر میں ہم ٹھہرے ہوئے تھے گاؤں کا مکھیا تھا۔
(۱۵) کہانی جو اس نے مجھ سے کہی تھی سچی تھی۔
(۱۶) میں اس لڑکے کو جانتا ہوں جس کا باپ بہت مالدار آدمی ہے
(۱۷) میں نے ایک کتا دیکھا جو اپنے منہ میں ایک بڑی ہڈی لیے جا رہا تھا

سبق (۳۳)

صیغہ تفضیل تتبوع بمن

ذرا ان جملوں کو تو پڑھیئے۔

(۱) خالد یوسف سے بڑا آدمی ہے۔

خالد رجل اطول من یوسف

(۲) خالد یوسف سے بڑا ہے۔

خالد اطول من یوسف

ایسے جملے جن میں ایک دوسرے سے صفت میں مقابلہ کیا جائے۔ تفضیل کے صیغے کہلاتے ہیں۔ جیسے۔

میرا بھائی مجھ سے چھوٹا ہے۔

وہ مجھ سے زیادہ ہوشیار ہے۔

اس لئے عربی میں مِنْ (سے) استعمال کیا جاتا ہے۔

عربی الفاظ و معنی

قبۃٌ	گنبد	عادۃٌ	عام طور پر
خصبٌ	زرخیز	رخیصٌ	سستا
المانیا	جرمنی	قنوعٌ	قناعت کرنے والا

وادیٌ	وادی	خیرٌ	یہ بہتر ہے
راسٌ	سرا	الانتاج	پیدا کرنا
قمّۃٌ	ٹاپ	"	اگانا
غیر آن	کم نہیں کر	الکسب	کمانا

ا۔ عربی سے اردو پڑھیے

(۱) الاودیۃ اشد حرارۃ من قمم الجبال عادۃً
تمام طور پر گھاٹیاں پہاڑ کی چوٹیوں سے زیادہ گرم ہوتی ہیں

(۲) الھواء اخف کثیرًا من الماء
ہوا پانی سے زیادہ ہلکی ہوتی ہے۔

(۳) شتاءُ ھذہ السّنۃ بردًا من شتاء العام الماضی
اس سال گزشتہ سال سے زیادہ سردی کا موسم سرد ہے

(۴) ھذہ الصورۃ احسن من تلکَ
یہ تصویر اس سے زیادہ اچھی ہے۔

(۵) ھذا الصحن انظف من ذالک
یہ صحن اس سے زیادہ صاف ہے۔

(۶) الکلب انفع کثیرًا من الہرّ
کتا خرگوش سے زیادہ فائدہ مند ہوتا ہے۔

(۷) ھذہ الحکایۃ اغرب من حکایتکَ

یہ کہانی تمہاری کہانی سے زیادہ انوکھی ہے

(۸) نورالشمس اسطع من نورالقمر۔

سورج کی روشنی چاندنی سے زیادہ چمکدار ہوتی ہے

(۹) الحدید ارخص من الذھب کثیرًا لکنه انفع منه

لوہا سونے سے زیادہ سستا ہوتا ہے لیکن اس سے زیادہ نفع بخش ہوتا ہے

(۱۰) حدیقتکم اکثر اتساعا من حدیقتنا۔

تمہارا باغ ہمارے باغ سے زیادہ لمبا ہے

(۱۱) السبع اقوی من النمر

سبع جانور چیتے سے زور آور ہے

(۱۲) الکمثری احلی من التفاح و اقل حلاوۃ من العنب

ناسپاتی سیب سے زیادہ میٹھی ہوتی ہے اور انگور سے کم میٹھی ہوتی ہے۔

(۱۳) حر ھذا الیوم اشد من حر امس

آج کی گرمی کل کی گرمی سے زیادہ شدید ہے

(۱۴) حدیقتنا اصغر من حدیقتکم غیر انها انتج فاکهة احسنُ

ہمارا باغ تمہارے باغ سے چھوٹا ہے لیکن پھل اچھے لگتے ہیں

(۱۵) النیل فی ھذہ السنة اعلٰی منه فی العام الماضی

اس سال دریائے نیل گذشتہ سال سے اونچا ہے۔

(۱۶) حمل ھذا الحمار اثقل من حمل ذالک الجواد

اس گدھے نے اس گھوڑے سے زیادہ بوجھ اٹھایا ہے

(۱۷) خيرٌ لكَ أن تكسب قرشا من أن لا تكسب شيئًا
یہ تمہارے لیے بہتر ہے کہ تم ایک قرش کماؤ بہ نسبت کچھ نہ کمانے کے

ب :- اردو سے عربی بنائیے

(۱) مینار گنبد سے زیادہ بڑی ہے (۲) کھجوریں سنترے سے زیادہ میٹھی ہیں
(۳) مصر میں آسمان انگلستان کی بہ نسبت زیادہ نیلا ہے۔
(۴) مصر جرمنی کی بہ نسبت زیادہ زرخیز ہے۔
(۵) عزیز صادق سے زیادہ قوی ہے۔
(۶) دریائے نیل دریائے گنگا سے زیادہ چوڑا ہے۔
(۷) تمہاری تحریر عارف کی تحریر سے خراب ہے
(۸) ہم نے تمہاری بہ نسبت کم رقم لی ہے
(۹) بچے عام طور پر بہ نسبت آدمیوں اور عورتوں کے زیادہ خوش ہوتے ہیں
(۱۰) ایک محل ایک گھر سے زیادہ بڑا ہوتا ہے۔
(۱۲) تم کو بہت بردبار ہونا چاہیے (۱۳) آج گزشتہ کل کی بہ نسبت سستا ہے
(۱۳) ہمارا ہمسایہ ہم سے زیادہ مالدار ہے۔
(۱۴) ہم اپنے بھائی سے زیادہ تیز دوڑے۔
(۱۵) اسکندریہ کی بہ نسبت مصر میں زیادہ بارش ہوتی ہے۔
(۱۶) ہم پہلے کی بہ نسبت زیادہ میل چلے۔
(۱۷) یہ پیڑ گذشتہ سال کی بہ نسبت اس سال زیادہ اگے ہیں
(۱۸) میرا دوست مجھ سے زیادہ قابل تھا۔

سبق (۴۳)

صیغہ تفضیلُ المضافۃ

(صفت کا رفیع الشان درجہ)

(۱) احمد سب سے لمبا آدمی ہے۔

احمد اطول رجل

(۲) احمد آدمیوں میں سب سے لمبا ہے۔

احمد اطولُ الرّجال

(۳) دودھ سب سے اچھا کھانا ہے۔ اللبن أحسن الاطعمة

پس ایسے صیغے جن میں دو یا دو سے زیادہ چیزوں کے درمیان صفت میں زیادتی بتلائی جائے رفیع الشان درجے کے صیغے کہلاتے ہیں اور ان کے لیے صفت کی اسم التفضیل استعمال کیا جاتا ہے جیسے۔

طویل (لمبا) سے اطول۔ سب سے لمبا

کبیرٌ۔ (بڑا) سے اکبر۔ سب سے بڑا

رخیص۔ (سستا) سے أرخص۔ سب سے سستا

کثیرٌ (زیادہ) سے اکثر سب سے زیادہ

ثقیل (بھاری) سے اثقل سب سے زیادہ بھاری

غنیٌ - (مالدار) سے اغنیٰ سب سے زیادہ مالدار
شجاعٌ - (بہادر) سے اشجع سب سے بہادر
قریبٌ - (پاس) سے اقرب۔ سب سے زیادہ نزدیک
اخیرٌ - (دور) سے اخر سب سے زیادہ دور
فاخرٌ - (بڑھیا) سے افخر سب سے زیادہ عمدہ
قدیمٌ - (پرانا) سے اقدم سب سے زیادہ پرانا
عزیزٌ - (اچھا) سے اعزّ سب سے زیادہ بہتر
شدیدٌ (سخت) سے اشدّ سب سے زیادہ شدید

عربی الفاظ اور معنی

أفریقیۃٌ - افریقہ دیسمبر - دسمبر
مضغبٌ - دشوار مصریّ - مصر کا باشندہ
نهرالأميزن - آمیزن الفخم - سب سے بڑھیا
محافظ علی وقت کی پابندی اجود - بہترین
الميعاد کرنے والا خط الاستواء خط استوا
کریمٌ شریف آدمی یونیہ جون کا مہینہ
مثقفٌ تکلیف دہ

ا۔ عربی سے اردو پڑھیے

(۱) لندن أکبر مدن الدنیا وباریس اجملها

لندن دنیا کا سب سے بڑا شہر ہے اور پیرس سب سے خوبصورت ہے

(۲) الحدید من ارخص المعادن لکنّہ اکثرھا نفعًا

لوہا سب سے سستی دھات ہے لیکن اس کا فائدہ سب سے زیادہ ہے

(۳) النعامۃ اکبر الطیور۔

شترمرغ سب سے بڑا پرندہ ہے۔

(۴) الرصاص اثقل المعادن کلّہا

شیشہ سب سے بھاری دھات ہے۔

(۵) ھذا البك اغنی رجل فی المدینۃ۔

یہ بیگ صاحب شہر میں سب سے زیادہ مالدار ہے

(۶) نہار الحادی والعشرین من شہر دیسمبر اقصر نہار فی السنۃ

بارھویں مہینے دسمبر کے دن سال میں سب سے چھوٹے دن ہوتے ہیں

(۷) ھذا الجندی اشجع رجل فی الجیش المصری

یہ سپاہی مصر کی فوج میں سب سے بہادر آدمی ہے۔

(۸) بیتکم اقرب منزل الینا۔

تمہارا گھر ہماری منزل سے زیادہ قریب ہے۔

(۹) ھذا التلمیذ آخر تلامیذ الفرقۃ

یہ شاگرد کلاس کے شاگردوں میں سب سے آخر ہے

(۱۰) ھذا البناء افخر بناء فی المدینۃ

یہ بلڈنگ (عمارت) شہر میں سب سے بڑھیا عمارت ہے۔

(۱۱) الاھرام اقدم مبانی المدینۃ
اہرام شہر کی سب سے پرانی یادگار ہے۔
(۱۲) فہمی اعزّ اصدق قائی۔
میرا فہمی سب سے زیادہ سچا دوست ہے
(۱۳) القطن المصری اجود انواع القطن فی الدنیا
مصر کی روئی دنیا میں روئی کی بہترین قسم ہے۔
(۱۴) الاراضی التی حول خطّ الاستواء اشد اراضی الدنیا حرًّا
خط استوا کے گرد کی آراضی دنیا میں سب سے زیادہ گرم آراضی ہے
(۱۵) شارع شبرا من اطول شوارع القاھرۃ
شبرا کی سڑک قاہرہ کی سب سے بڑی سڑک ہے
(۱۶) نہار الحادی والعشرین من یونیہ اطول نہار فی السّنۃ
جون کا مہینہ کا دن سال کے دنوں میں سب سے بڑا ہوتا ہے

ب :- اردو سے عربی بنایئے

(۱) یہ پیڑ ہمارے باغ میں سب سے زیادہ اونچا ہے۔
(۲) قاہرہ افریقہ کا سب سے بڑا شہر ہے۔
(۳) میں ہمیشہ بہترین کتابیں پڑھتا ہوں۔
(۴) گدھا ایک بہت ہی بردبار جانور ہے۔
(۵) آپ کا بھائی اس کمرہ میں سب لڑکوں سے بڑا ہے۔

(۶) یہ اسکول جانے کا سب سے مختصر راستہ ہے۔
(۷) جنیرا قاہرہ میں سب سے چوڑی سڑک ہے۔
(۸) امریکہ میں دریائے آمیزن دنیا کا سب سے بڑا دریا ہے۔
(۹) قادر کلاس میں سب سے زیادہ وقت کا پابند لڑکا ہے۔
(۱۰) کیا آپ نے میرے سب سے بڑے بھائی کو دیکھا ہے۔
(۱۱) یہ آدمی سب آدمیوں سے شریف ہے۔
(۱۲) میں کل آپ کو اپنے اچھے سے اچھے کپڑے دوں گا۔
(۱۳) یہ لڑکا اسکول میں سب سے زیادہ مصیبت زدہ لڑکا ہے
(۱۴) چیزیں جو سستی ہوں بہترین نہیں ہوتیں۔
(۱۵) یہ سیب سب سے بڑا لیکن عمدہ نہیں ہے۔
(۱۶) یہ راستہ سب سے زیادہ دشوار ہے۔

سبق (۳۵)

یاد رکھنے کے لئے مختلف جملے

(حروف جر کے ساتھ)

أتیَ فی الصّباح - وہ صبح ہی آیا۔
اتیَ فی المیعَاد - وہ وقت پر ہی آیا۔
أتیَ فی الوقت الملائم -
ما رأیتہا منذ یوم ا لأربعاء
میں نے اس کو بدھ سے نہیں دیکھا ہے۔
وردَ لی خبرٌ منہ یوم الاثنین الماضی
میں نے اس کی گذشتہ پیر سے خبر نہیں لی۔
فرجَ ماشیا للریاضۃ - وہ سیر کے لئے چلا گیا
خرجت راکبۃ للریاضۃ - وہ سوار ہونے کے لئے چلی گئی۔
منعنی عن الذھاب - اس نے مجھکو جانے سے روکے رکھا
عادَ الی الاسکندریۃ امس - وہ کل اسکندریہ کو لوٹ گیا۔
ذٰلك الکتاب لی - یہ کتاب میرے لئے ہے
تحسرتَ علیہا - میں اس کے لئے افسوس کرتا تھا۔

مرت العجلة فی المدینۃ - گاڑی شہر سے گزر گئی۔
احضرت ھذہ الازھار من اجلك - میں ان پھولوں کو تمہارے لئے لایا تھا
سنمکث ھنا الی یوم الاحد - ہم یہاں اتوار تک ٹھریں گے۔
وصل الساعۃ الرابعۃ مساءً وہ دوپہر بعد ۴ بجے پہونچا۔
تحتوی السلۃ علی تین و بلح ٹوکری میں انجیر اور کھجوریں ہیں۔
وصل القطار الی القاھرۃ الساعۃ الاولیٰ صباحًا
ریل گاڑی صبح ہی ایک گھنٹے میں قاہرہ پہونچ گئی تھی۔
یحتاج الی طعام - وہ کھانا چاہتا ہے
ھو فی حاجۃ الی طعام - وہ کھانے کا بھوکا ہے۔
اذن لی فی الذھاب - میں نے جانے کی اجازت لی۔
رأیتہ منذ یومین - میں نے اسکو ۲ دن پہلے دیکھا تھا
ھی کسلیٰ عن العمل کثیرًا - وہ کام کرنے میں بہت سست ہے
الی أیّ غایۃٍ مشیت - تم کتنی دور چلے ؟

سبق (۳۶)

متفرق جملے و عبارتیں

(۱) وصل القطار إلى القاهرة وقت الظهر
ریل گاڑی قاہرہ میں دوپہر بعد پہونچی

(۲) أنا غضبانٌ عليه - میں اس سے غصہ میں ہوں

(۳) هو مغرم باللعب - وہ کھیلنے کا شوقین ہے. وہ کھلاڑی ہے

(۴) يحتوي هذا الكتاب على ثمانين صفحة
یہ کتاب ۸۰ صفحوں پر مشتمل ہے۔

(۵) وعدَ بالمجيء - اس نے آنے کا وعدہ کیا

(۶) هو رحيمٌ بالفقراء - وہ غریبوں پر مہربان ہے

(۷) أسكن في العباسيّة - میں عباسیہ میں رہتا ہوں

(۸) هو منتظرٌ بالباب - وہ دروازہ میں انتظار کر رہا ہے

(۹) كم بقرش - ایک قرش کتنے کا ہوتا ہے.

(۱۰) باعه بعشرين قرشًا - اس نے اس کو ۲۰ پیاسٹر میں بیچا

(۱۱) اشتراه بثمنٍ عالٍ - اس نے اس کو بڑی بھاری قیمت میں خریدا

(۱۲) ضحکت منه - وہ اس پر ہنسی
(۱۳) یخلع ملابسه - وہ اپنے کپڑے اتار رہا ہے
(۱۴) اجْهد نفسه شغلاً حتی مرض۔
اس نے اتنا سخت کام کیا کہ وہ بیمار ہو گیا۔
(۱۵) هو مریض جداً فلا یقدر علی الحرکة
وہ اتنا بیمار ہے کہ وہ حرکت نہیں کر سکتا۔
(۱۶) هٰذا البیت لیس کبیراً کذالک
یہ گھر اتنا بڑا نہیں جتنا کہ وہ
(۱۷) الطعام حار جداً فلا یؤکل
کھانا اتنا گرم ہے کہ کھایا نہیں جا سکتا۔
(۱۸) إفعل تماماً کما امرت
جیسا تم کو کہا جائے کرو (تو کر)
(۱۹) التمر حلوٌ کالشهد تقریباً
کھجوریں قریب قریب شہد کی طرح ہی میٹھی ہیں
(۲۰) ما اسعدهٗ - وہ کتنی خوش ہے:
(۲۱) ما عُمرکَ - آپ کی کیا عمر ہے؟
(۲۲) ما عمق النهر - دریا کتنا گہرا ہے؟
(۲۳) کم یُساوی هٰذا - یہ کس قیمت کا ہے۔

سبق (۷۳)

اصطلاحی جملے

صحت کے بارے میں

(۱) كَيْفَ حَالُكَ — تم کیسے ہو؟

(۲) بِخَيْرٍ أَشْكُرُكَ — بہت اچھا، تمہارا شکریہ ادا کرتا ہوں

شُكْرًا لله — خدا کا شکر ہے

(۳) أَنَا مُنْحَرِفُ الصِّحَّةِ — میں بیمار ہوں

(۴) مَا أَصَابَكَ — تمہارے ساتھ کیا معاملہ ہے؟

(۵) أَشْعُرُ بِمَرَضٍ — میں بیماری محسوس کرتا ہوں

(۶) مِمَّ تَشْكُو — آپ کیا تکلیف محسوس کرتے ہیں

أَيْنَ تَشْعُرُ بِالْمَرَضِ — (کیا مرض ہے؟)

(۷) فِي الْمَعِدَةِ — معدہ میں ہے۔

(۸) اشعر بصُداعٍ (الم في الراس) میرے سر میں درد ہے

(۹) أَنَا مُصَابٌ بِالْحُمّٰى — مجھے بخار ہے، یا میں بخار میں مبتلا ہوں

(۱۰) مَا أَصَابَ عَيْنَكَ — تمہاری آنکھ میں کیا ہوا ہے۔

(۱۱) بہا ورم (انتفاخ) — یہ ورم کراَئی ہے یا اس میں ورم ہے۔

(۱۲) کم لبثت مریضًا — تم کتنے عرصہ سے بیمار ہو۔

(۱۳) لبثت یومین مریضًا — میں دو دن سے بیمار ہوں

(۱۴) أنا الیوم أسوأ حالًا — میں آج بہت بیمار ہوں۔

(۱۵) أنا الیوم احسن حالًا — میں آج بہتر ہوں۔

سبق (۳۸)

مجاملات

(مکالمہ وغیرہ)

من فضلك - اگر تم مہربانی کرد۔ براہ کرم!
استسمحك - میں آپ سے معافی چاہتا ہوں
ارجو منك العفو - تم مجھے معاف کیجئے۔
لا تواخذ لی - مجھے معاف کرو۔
مع السلامۃ } بامان اللہ - خدا حافظ!
استودعك اللہ }
اھلاً و سھلاً۔ مرحبًا۔ خوش آمدید!
انا مسرور برؤیاك - میں تم کو دیکھ کر خوش ہوا ہوں۔
اشکرك شکرا جزیلاً - میں آپ کا بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں
العفو - کوئی بات نہیں!
لا تشکرنی - شکریہ کی ضرورت نہیں۔
ھذا لا یعنی - یہ بے معنی ہے۔

لاضير	—	کوئی مضائقہ نہیں۔
هذا يكفي	—	یہی کافی ہوگا۔
إني آسف	—	مجھے افسوس ہے۔
انا مدين لك بالشكر	-	میں آپ کا بہت ممنون ہوں۔
أتعمل لي معروفا	-	کیا میری طرفداری کریں گے۔
بسرور	—	خوشی سے۔
بانشراح	-	خوشی سے۔
بارتياح	-	دل سے
تتفضل بالجلوس	-	تشریف رکھیے۔ بیٹھیے

سبق (۳۹)

متفرق جملے

(۱) مَا عُمُرُكَ — تمہاری کیا عمر ہے؟
(۲) خمسة عشر عامًا — پندرہ سال
(۳) سمعتك تتكلم — میں نے آپ کی گفتگو سنی
(۴) رأيتك تجري (جاريًا) — میں نے آپ کو دوڑتے ہوئے دیکھا
(۵) أمعه نقودٌ — کیا اس کے پاس کچھ رقم ہے؟
(۶) ليس عنده نقودٌ — وہ کچھ رقم نہیں رکھتا۔
(۷) لم تأخرت — تم کیوں دیر سے ہو؟
(۸) لأني قد غلبني النوم كثيرًا — کیونکہ میں بہت سو گیا تھا
(۹) أهذا حقيقي — کیا یہ سچ ہے؟
(۱۰) كل ما تقول حق — جو کچھ تم کہتے ہو سچ ہے۔
(۱۱) نحن منفردين — ہم اکیلے ہیں۔
(۱۲) نحن له مسلمون — ہم اسی کے فرمانبردار ہیں
(۱۳) خذ حذرك — خبردار رہو۔

سبق (۴۰)

ضرب الامثال اور اخلاق کیلئے نصیحتیں

(۱) أَلكثرة تغلب الشجاعة - زیادتی بہادری پر غالب آجاتی ہے

(۲) الاجتہاد سبیل النجاح - کوشش کامیابی کا راستہ ہے

(۳) أشکر الله دائمًا ولا تنسَ فضله

ہمیشہ خدا کا شکر ادا کرو اور اسکے فضل کو نہ بھولو

(۴) التعلم فی الصغر کالنقش فی الحجر -

بچپن کا علم پتھر کے نقش کے مانند ہوتا ہے۔

(۵) مَنْ حفرَ حفرَةً لأخیه وقع فیها -

جس نے اپنے بھائی کے لئے گڈھا کھودا وہ خود اس میں ہی گر گیا

(۶) القناعةُ کنزٌ لا یفنی قناعت ایک نہ فنا ہونیوالا خزانہ ہے

(۷) الموت یساوی بین البشر - موت آدمیوں کے درمیان برابر ہے

(۸) الامانة سیاج المودّة والخیانة مفتاح العداوة

امانت محبت کی ٹٹی ہے اور خیانت دشمنی کی کنجی ہے

(۹) الجرأةُ مفتاحُ النجاحِ حوصلہ مندی کامیابی کی کنجی ہے

(۱۰) سرقة الحدیث کسرقة الاشیاءِ -

بات کی چوری چیزوں کی چوری کے مانند ہے۔

(۱۱) الشکر واجبٌ شکر ادا کرنا واجب ہے

(۱۲) من یحترمُ الکبیر یکتسبُ رضاہُ ۔

جو بڑے کی عزت کرتا ہے وہ اسکی رضاجوئی حاصل کرتا ہے

(۱۳) لا تحتقر شیئًا — کسی چیز سے نفرت نہ کرو۔

(۱۴) عمل الواجب یریح الضمیر۔

ضروری کام ضمیر کو خوش کرتا ہے۔

(۱۵) محبّۃ الذّاتِ شرّ الصّفاتِ۔

خود غرضی بری صفت ہے۔

(۱۶) من احبَّ ذاتہ خسر مودۃ صدیقہ

جس نے اپنی ذات سے محبت کی اس نے اپنے دوست کی محبت کو کھو دیا

(۱۷) من احَبَّ والدَیہِ أحبّہُ اللّٰہُ ۔

جس نے اپنے والدین سے محبت کی اس سے اللہ نے محبت کی

(۱۸) الرفق بالحیوان واجبٌ علی الانسان ۔

انسان پر حیوانات سے پیار کرنا واجب ہے۔

(۱۹) لا تؤجّل إلی الغد ماتقدر أن تفعلہُ الیومَ

جو کام تو آج کرنا چاہتا ہے اسکو کل پر نہ چھوڑ۔

(۲۰) الولد کالشجرۃ اذا اھمل سقیا فسد ثمرُھَا

لڑکا پیڑ کی مانند ہے جب اس کو پانی نہ دیا جائے تو اس کا پھل سوکھ جاتا ہے

منتخب امور

(۱) الاتحاد یوجد القوۃ - باہمی میل جول طاقت پیدا کرتا ہے
(۲) القوۃ تضمن النجاح - قوت کامیابی کی ضمانت دیتی ہے
(۳) الانقسام یجلب الخراب - ٹوٹ پھوٹ خرابی لاتی ہے
(۴) بیت العلم لن یخرب - علم کا گھر برباد نہیں ہوتا۔
(۵) الکلام میزان العقل - کلام عقل کی میزان ہے۔
(۶) الوھم یذھب بالتفھم - وہم سوچنے سے دور ہو جاتا ہے
(۷) المطالعۃ دواء الملل - پڑھنا ملال کی دوا ہے
(۸) عدوٌ عاقلٌ خیرٌ من صدیق جاھلٍ
دانا دشمن نادان دوست سے اچھا ہے۔
(۹) المزاح یذھب الھیبۃ - ہنسا ہیبت کو دور کرتا ہے۔
(۱۰) الکذاب لا یصدق ولو قال الحق
جھوٹے کو سچا نہیں مانا جاتا خواہ سچ ہی کہے۔
(۱۱) الشرف بالادب لا بالنسب
بزرگی ادب سے ہے نہ کہ نسب سے
(۱۲) ألسنۃ الخلق اقلام الحق۔
زبان شیریں ملک گیری۔
(۱۳) الوقت أثمن من الذھب
وقت سونے سے زیادہ بیش قیمت ہوتا ہے۔

وقت سونے سے زیادہ قیمتی ہے۔

(۱۴) الاعتماد علی النفس اساس کل نجاحٍ

ہر کامیابی کی بنیاد نفس پر بھروسہ ہے

(۱۵) افضل المعارف ما اکتسبہُ الانسان بنفسہٖ

سب سے اچھا علم وہ جو انسان اپنے نفس سے حاصل کرے

(۱۶) کلُّ شئٍ اِذا کثر رخص الّا الادبُ

ہر چیز جب زیادہ ہو جاتی ہے تو سستی ہو جاتی ہے۔ لیکن ادب نہیں ہوتا۔

(۱۷) لاتظلم فانّ بیوتُ الظّالمین خرَابٌ

ظلم نہ کریں کیونکہ بے شک ظالموں کے گھر خراب ہو جاتے ہیں۔

عربی ضرب الامثال

صاعاً بصاعٍ	جیسے کو تیسا
واحدةٌ بواحدةٍ	جیسے کو تیسا
دَقلةٌ بدقلةٍ	"
کما تزرع تحصد	جیسا کرنا ویسا بھرنا

خذوا ما اتاکم به واغتنموا فات الغنیمة فی العاجل

نو نقد نہ تیرہ ادھار

الحمیةُ خیرٌ من العلاج	حفظ تقدم علاج سے بہتر ہے
الضالع ری یشکو من علاده	ناچ نہ آوے آنگن ٹیڑھا
ان الطیور علی اشکالها تقع	چور کا ساتھی گرہ کٹ
اعمل بقرشٍ وحاسبْ لعاطل	کچھ نہیں سے تھوڑا بھلا
الاناءُ الفارغ یرن کثیراً	تھوتھا چنا باجے گھنا
من کثر قولهُ قل عملهُ	جو گرجتے ہیں سو برستے نہیں۔
السفینةُ ذات الرئیسین تغرقُ	بہت جوگی مٹھ اجاڑ
لو تقل فول حتی یصیر فی المکیول	گھر گھوڑا انکاس مول
دارهم ما دمتَ فی دارهم	جیسا دیش ویسا بھیس
الصغیرُ سریع التاثیر	کمزور میں غصہ زیادہ ہوتا ہے
الکسلُ مفتاح التسول	سستی بیکاری کی کنجی ہے
وما کلُ مصقول الحدید یمانی	ہر چیز جو چمکتی ہے سونا نہیں ہوتی
المرءُ آداب	ادب ہی انسان انسان ہے۔
الارادة مفتاح الوسیلة	جہاں من وہاں ہی رستہ

چند اہم عربی مصادر

التاسیسُ	بنیاد رکھنا	الغلق	بند کرنا
الاختراعُ	ایجاد کرنا	الدوسُ	دوڑنا
الطباعۃ	چھاپنا	الحملُ	لے جانا
السیرُ	سفر کرنا	الغرقُ	ڈبونا
الاصابۃُ	شوٹ کرنا	الادعاءُ	دعویٰ کرنا
الفقدان	کھونا	التوصیلُ	رہنمائی کرنا
المکافاۃُ	انعام دینا	التصدیقُ	یقین کرنا، سچ ماننا
الاتلاف	برباد کرنا	الوصولُ	حاصل کرنا
النفعُ	مفید ہونا	الانتما	چپکانا، لگانا
الاستراحۃُ	آرام کرنا	الغرسُ	اُگنا
الاصابۃ	حاصل کرنا	الکسبُ	حاصل کرنا
التفسیر	واضح کرنا	القضاءُ	ادا کرنا
الغطسُ	ڈبکی دینا	الوفاءُ	ادا کرنا
القطف	پکڑنا	اللسعُ	ڈنک مارنا
الامتداحُ	تعریف کرنا	الرفعُ	اٹھانا
الشکویٰ	شکایت کرنا	الدویُ	گڑگڑانا
الطھیُ	پکانا	الازدحامُ	بھیڑ ہونا

الخلاص	رہا کرنا	الابحار	سمندر تک جانا
التمتع	سرور حاصل کرنا	المواء	میاؤں میاؤں کرنا
الاجداء	پیش کرنا	البطبطة	تائیں تائیں کرنا
الرمی	پھینکنا	〃	(بطخ کا)
التفضیل	پیش کرنا	النعیق	کائیں کائیں کرنا
الترک	چھوڑنا		(کوے کا)
الحمایة	بچانا	القیادة	رہنمائی کرنا
الاتباع	پیروی کرنا	الجوب	گزرنا
الاستحقاق	لائق ہونا	الصہیل	ہنہنانا (گھوڑے کا)
البغض	کینہ رکھنا	النہیق	ڈھینچوں ڈھینچوں
الاجلال	عزت کرنا	الخوار	رمبھانا (گائے کا)
المقاساة	برداشت کرنا	الثغاء	بھیں بھیں کرنا
〃	بیمار رہنا	الفیضان	باڑھ آنا
الافراج عن	آزاد کرنا	الغمر	سیلاب آنا
الدعوة	بلانا	الصیاح	چیخنا چلانا
القبض علی	گرفتار کرنا	التجمع	جمع ہونا
الایصاد	تالا لگانا	الجنی	اکٹھا کرنا
الحول حول	گشت کرنا	الاعتراف	ماننا
الادانة ب	قرض دار ہونا	الادخار	کم خرچ کرنا

الرّیُّ	آبیاری کرنا	الاستیلاءُ	بھگانا
التجہیزُ	تیار کرنا	السفرُ	چلنا
النجاحُ	ترقی کرنا	الاہمالُ	بھولنا
الترجّلُ	اترنا	الانتہاءُ	پھونک مارنا
الاندفاعُ	دھکیلنا	الھدوءُ	ہوا چلنا
الالمُ المضایقۃ	تکلیف دینا	الزیارۃُ	پکارنا
التحسینُ	بھلائی کرنا	العودۃُ	لوٹنا
الصفیرُ	سیٹی بجانا	الاخذُ	لینا
العزمُ علٰی	حاضر باشی کرنا	التوصیلُ	لینا
المرافقۃُ	ہمراہ ہونا	التقلیمُ	قلم کرنا، تراشنا
الافتراقُ	علیحدہ ہونا	الخدمۃُ	خدمت کرنا
الدخولُ	داخل ہونا	الازدہارُ	کھلنا، شگفتہ ہونا
الاعتقادُ	یقین کرنا بھروسہ کرنا	الالقاءُ	گرانا
الغوصُ	ڈوبنا	الاملُ	امید کرنا
الغرقُ	ڈوبنا	الرجاءُ	امید کرنا
الفراقُ	الگ ہونا	الضربُ بالسوطِ	کوڑے سے مارنا
التعلمُ	پڑھنا	التباھی ب	ڈینگ مارنا
الرصفُ	فرش بندی کرنا	التأجیلُ	دور رکھنا
الحشو	گولیوں کی بوچھار کرنا	الزرعُ	کھیتی کرنا۔

عربی کلمات اور جدید جملوں کا ترجمہ کرنے کے لئے ایک دوسری آسان کتاب

آسان عربی ترجمہ

(حصہ دوم)

از قلم :- ڈاکٹر بشیر الدین عصری

سائز :- $\frac{20 \times 30}{2}$:- قیمت تین روپے

کتاب کے انوار ساطع

(۱) اس کتاب میں بھی حصہ اول کی طرح علم اشتقاق کلام، اجرومیہ کے قواعد اور اعلیٰ درجے کے ادبی کلمات کے نمونے پیش کئے گئے ہیں۔

(۲) اس کتاب میں پیش کردہ اسباق کی ترتیب جدید طریقہ تعلیم کے مطابق دی گئی ہے اور اردو داں قاری کے لئے عربی اور ان کے معنی آسان زبان میں بتلائے گئے ہیں۔

(۳) اس کتاب میں بھی تقریباً ۴۰ اسباق، متعدد مشقی سوالات (عربی اور اردو کے ذریعے تمرین) اور عربی محاورات، مختلف جملوں اور ادبی جملوں پر خاص توجہ دی گئی ہے۔

(۴) اس کتاب کے خصوصی اسباق میں اداۃ "ال" کا استعمال، الفاظ عدد، الفاظ کمیت، اور غیر معین عدد، ضمائر اسماء الاشارہ، ضمائر منفصلہ اسماء

بطور نعت، استعمال صفت بدل موصوف، صیغہ فعل حال، صیغہ حال تام، صیغہ فعل ماضی، صیغہ فعل مستقبل، المصادر، افعال ناقصہ، مفاعیل خمسہ مضارع حال، فعل ماضی (مجہول صیغہ جات) نفی اور نہی کا استعمال، اسمائے استفہام، کلمات ظرف اور کلمات حرف جر، اسماء موصولہ، اسم فاعل و اسم مفعول کا استعمال، حذف اسم موصول، حروف عطف، روابط الجمل اک تشبیہ، لغوت وغیرہ کے بارے میں مکمل معلومات اور عربی کے نئے پارے پیش کیے گئے ہیں۔

(۵) اس کتاب میں جدید عربی کو سیکھنے کا آسان طریقہ بتلایا گیا ہے اور امید کی جاتی ہے، جدید عربی ادب کے شائق اس کو پسند فرمائیں گے۔
انشاء اللہ تیسرا حصہ بھی جلد تیار کردیا جائے گا۔

:- (شائع کردہ) :-

کامیاب انسٹی ٹیوٹ آف عربک لٹریچر میرٹھ

2188